بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | بدھ 09 ستمبر 2026 | 26 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 175

آپریشن سومنات پاک بحریہ کی بہادری اور عزم کی علامت ہے

آصف علی زرداری

جنگ ستمبر 1965ء کے دوران پاک بحریہ نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت ، بہادری اور عزم کا بھرپور مظاہرہ کیا

ملک بھر میں 8 ستمبر کو یوم بحریہ منایا گیا،جس کا مقصد پاک بحریہ کے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں اور کارناموں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے

کراچی(این این آئی)صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران، سیلرز، سویلینز، شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ ملکی سمندری مفادات کے تحفظ کے ساتھ علاقائی امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ملک بھر میں 8 ستمبر کو یوم بحریہ منایا گیا،جس کا مقصد پاک بحریہ کے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں اور کارناموں

بقیہ 6 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

حوثیوں کا سعودی عرب پر حملہ انتہائی قابل مذمت، یہ پاکستان پر بھی حملہ ہے

خواجہ آصف

ملک میں نئے صوبوں کے بجائے انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث ہونی چاہیے، جبکہ اٹھارہویں ترمیم کے تحت اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ بحث میں کہیں بھی صوبوں کا لفظ استعمال نہیں ہورہا

اب وقت آگیا ہے کہ اسے مزید مضبوط کیا جائے تاکہ اختیارات ضلعی اور شہری حکومتوں کو منتقل ہوسکیں۔ اٹھارہویں ترمیم کی اصل روح اور اسپرٹ پر عملدرآمد ہونا چاہیے، تاہم وقت کے ساتھ اسے مزید مؤثر بنانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد(آن لائن)وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ حوثیوں کا سعودی عرب پر حملہ پاکستان پر حملہ ہے۔اسلام آباد کو وفاقی علاقہ رکھا جاسکتا ہے اور ممکن ہے مزید ایک دو وفاقی علاقے بھی بنائے جائیں جو براہ راست وفاق کے زیر انتظام

بقیہ 1 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا حاجی ظلیل الرحمان اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ(آن لائن)وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

بقیہ 3 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

ایران جنگ نہیں چاہتا لیکن دفاع سے پیچھے نہیں ہٹے گا، ایرانی صدر

ایران جارحیت کرنیوالوں کو ''مکمل پچھتاوے'' تک پہنچانے کیلئے بھرپور طاقت کے ساتھ مزاحمت جاری رکھے گا، ایکس پر بیان

تہران(آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران جارحیت کرنے والوں کو ''مکمل پچھتاوے'' تک پہنچانے کے لیے بھرپور طاقت کے

بقیہ 2 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

شہباز شریف

حکومت اسلام آباد پولیس کو جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد پولیس کو ملک کے دیگر شہروں کیلئے رول ماڈل ہونا چاہیے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے پولیس کی کارکردگی اور شہریوں کو فراہم کی جانیوالی خدمات میں مزید بہتری آئیگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی پولیس کو جدید، محفوظ اور ماحول دوست پولیسنگ کے فروغ کیلئے 50 الیکٹرک گاڑیاں فراہم کردی گئیں جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت اسلام آباد پولیس کو جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے، اسلام آباد پولیس کو ملک کے دیگر شہروں کیلئے رول ماڈل ہونا چاہیے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے پولیس کی کارکردگی اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی خدمات میں مزید

بقیہ 4 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان سے پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت کی ملاقات ، ثقافت ،سیاحت ،مادری زبانوں اور ادب و فن کے فروغ پر تبادلہ خیال

بلوچستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کو محفوظ بنا کر عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ پر زور

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ زرین مگسی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ثقافت ،سیاحت ، مادری زبانوں، ادب و فن کے فروغ سمیت صوبے

بقیہ 5 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

طاقت کی بنیاد پر مسلط ہونے کی سیاست نہیں چلے گی

فضل الرحمن

یہ عوام کا ملک ہے یہاں عوام نے رہنا ہے، یہاں تقسیم در تقسیم ہے' ہم نے اس ملک میں رہنا ہے تو اپنے ضمیر کی بات کرینگے، ہم آپ کی بھی خیر خواہی اسی میں دیکھتے ہیں' صوبوں کے معاملے میں سیاسی جماعتوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پیپلز پارٹی بات تو کرتی ہے لیکن وہ صرف سندھ کی حد تک کرتی ہے

این ایف سی ایوارڈ، قومی محصولات کا جو حصہ صوبوں کو ملتا ہے، وہ اب 57 فیصد تک پہنچ گیا ہے اور آئین کہتا ہے کہ اضافہ ہوسکتا ہے، کمی نہیں ہوسکتی، یہاں کو ہضم نہیں ہورہا، اب صوبے تقسیم کرتا کہ از سر نو پھر ہم معدنیات کے فیصلے بھی پھر سے کریں اور این ایف سی ایوارڈ کے فیصلے بھی پھر سے کریں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ ہم نے اس ملک میں رہنا ہے تو اپنے ضمیر کی بات کریں گے، ہم خیر خواہی کی بنیاد پر بات کرتے ہیں، ہم آپ کی بھلائی اسی میں دیکھتے ہیں، ہم آپ کی بھی خیر خواہی اسی میں دیکھتے ہیں، آپ کا مزاج بن گیا ہے کہ آپ کو خوشامد گروں کی زبان اچھی لگتی ہے، اگر کوئی سیدھی بات کرے تو وہ آپ کو بری لگتی ہے۔ لاہور میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ہم ملک کو آپ کی ملکیت نہیں مانتے، یہ ملک ہمارا ہے، ہم اس کے شہری ہیں، اور ریاست عوام کے بغیر کچھ نہیں ہے۔ ہم اصولاً کسی یونٹ کے بنانے کے خلاف نہیں، یونٹس بنتی رہتے ہیں، بھارت میں بھی بنے ہیں، افغانستان میں بھی بنے ہیں، دوسرے ملکوں میں بھی بنے ہیں، لیکن وقت اور ماحول کو بھی دیکھنا چاہیے۔ ہم نے یہ نہیں کہا تھا کہ فاٹا کو صوبے میں

بقیہ 7 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف صنعتکاروں اور ممتاز تاجروں سے ملاقات کررہے ہیں

ایران کی خودمختاری کی خلاف ورزی پر اسلامی ممالک ذمہ دارانہ ردعمل دیں، عراقچی

طاقت کے استعمال اور جارحانہ اقدامات کا مقابلہ کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں، نئے او آئی سی سیکرٹری جنرل سے گفتگو

تہران(آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے نئے سیکریٹری جنرل سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلامی ممالک کو ایران کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی پر ذمہ دارانہ ردعمل دینا

بقیہ 8 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جنگ میں امریکا کی فتح کے بعد پٹرول کی قیمتوں میں تیزی سے کمی آئیگی، ٹرمپ کا دعوی

پٹرول کی قیمت تقریباً 3 ڈالر فی گیلن تک پہنچ سکتی ہے، جبکہ بالآخر یہ 2 ڈالر فی گیلن سے بھی کم ہوسکتی ہے، سوشل میڈیا پر پیغام

واشنگٹن(آن لائن)امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ میں امریکا کی فتح کے بعد تیل اور پٹرول کی قیمتوں میں تیزی سے کمی آئے گی۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اپنے بیان میں کہا کہ جنگ جیتنے کے بعد تیل

بقیہ 9 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور جے یو آئی ف کے رہنما مولانا عطاء الرحمن کی ملاقات

حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ، اب متحدہ اپوزیشن کے طور پر حکومت کو غیر قانونی آئین میں ترمیم کرنے سے روک پائیں گے، اتفاق

اسلام آباد(آن لائن) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور جے یو آئی ف کے رہنما مولانا عطاء الرحمن کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ کیا گیا اور امید ظاہر کی گئی کہ اب متحدہ اپوزیشن کے طور پر حکومت کو غیر

بقیہ 10 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم پاکستان کی سعودی عرب پر بزدلانہ حوثی حملوں کی شدید مذمت

پاکستان سعودی عرب کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا، شہباز شریف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب میں شہری اور توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حوثیوں کے بزدلانہ حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے امن، سلامتی اور استحکام

بقیہ 11 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز سے متعلق ایران اور عمان کے درمیان مذاکرات آخری مرحلے میں داخل

عمان کیساتھ معاہدہ عالمی میری ٹائم آرگنائزیشن میں بھی رجسٹر ہوسکتا ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تہران (این این آئی)ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی محفوظ آمدورفت کے لیے عارضی راستے کے تعین پر عمان کے ساتھ مذاکرات آخری مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی

بقیہ 12 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

یوم بحریہ، نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کی شہداء کی یادگار پر حاضری، سلامی پیش

اسلام آباد(آن لائن) پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے یوم بحریہ کی مناسبت سے

بقیہ 18 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

قوم کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل تیاری اور ملکی بحری مفادات کے تحفظ کیلئے خدمات پر فخر ہے، وزیراعظم

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل تیاریوں، سمندروں کے تحفظ اور پاکستان کے بحری مفادات کو آگے بڑھانے میں ثابت قدمی کے ساتھ خدمات کی انجام دہی پر فخر ہے۔ منگل کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں

بقیہ 13 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی نے سینیٹ موبائل ایپلی کیشن کا افتتاح کردیا

یہ ادارہ جاتی کارکردگی، شفافیت اور عوامی ضروریات کیلئے مؤثر پارلیمانی نظام کی جانب پیش رفت ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد(آن لائن) قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹ موبائل ایپلی کیشن کا افتتاح کردیا اور کہا ہے کہ سینیٹ موبائل ایپ کا اجرا ڈیجیٹل بااختیاری کی جانب اہم قدم ہے، یہ ادارہ جاتی کارکردگی، شفافیت اور عوامی ضروریات کیلئے مؤثر پارلیمانی نظام کی جانب پیش رفت ہے۔ افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب

بقیہ 17 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سندھ ایک ہے اور ایک ہی رہے گا، سندھ اسمبلی کا دوٹوک اعلان

وفاقی حکومت، پارلیمنٹ اور ریاستی ادارے سندھ کے عوام کی جمہوری رائے کا احترام کریں

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کی منظور کردہ سندھ کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت کے تحفظ سے متعلق قرارداد کا مسودہ ایوان صدر، وزیراعظم سیکریٹریٹ، سینیٹ اور قومی اسمبلی کو ارسال کر دیا گیا ہے۔ سندھ اسمبلی سیکریٹریٹ کی جانب سے قرارداد کا مسودہ صدر مملکت اور وزیراعظم کے پرنسپل سیکریٹریز سمیت متعلقہ وفاقی حکام کو بھی بھجوایا گیا ہے۔ سندھ اسمبلی نے قرارداد کے ذریعے دوٹوک اعلان کیا ہے کہ سندھ ایک ہے اور ایک ہی رہے گا جبکہ وفاقی

بقیہ 14 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

ایران کا امریکا کو نئے میزائلوں سے واضح انتباہ، بحری زون قائم کرنے کا اعلان

مجوزہ ممنوع بحری زون امریکی بحری ناکہ بندی کی حدود سے شروع ہوکر خلیج فارس تک پھیلا ہوگا، محسن رضائی

ایران نے امریکی بحری جہازوں اور فوجی اڈوں کیخلاف اپنی حکمت عملی تبدیل کردی ہے، جبکہ نئے اقدامات کا مقصد امریکا پر دباؤ بڑھانا ہے

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکا کو نئے ایرانی میزائلوں کے ذریعے واضح انتباہ دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق محسن رضائی کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف جاری معاشی جنگ کا جواب خلیج فارس میں بحری آمد و رفت کے لیے ممنوع زون قائم کر کے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ ممنوع بحری زون امریکی بحری ناکہ بندی کی حدود

بقیہ 15 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سمندری حدود کی حفاظت اور ملکی سلامتی یقینی بنانے میں پاک بحریہ کا کردار قابل قدر ہے، شیری رحمان

پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر کا یوم بحریہ پر پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو قومی دفاع میں شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش

اسلام آباد(آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے یوم بحریہ کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو قومی دفاع میں شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سمندری حدود کی حفاظت اور ملکی سلامتی یقینی بنانے

بقیہ 16 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جنوبی پنجاب اور بہاولپور سے متعلق پنجاب اسمبلی کی قراردادیں غیر مؤثر ہو چکیں، رانا ثنا اللہ

عوامی ریفرنڈم آئین کے مطابق یا پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی ممکن ہوگا، کسی وزیر کے بیان کی بنیاد پر نہیں

لاہور(این این آئی)وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب اور بہاولپور سے متعلق پنجاب اسمبلی کی قراردادیں 10 سال پرانی ہونے کے باعث اب غیر مؤثر ہوچکی ہیں، اگر کسی اسمبلی کی مدت کے دوران کسی قرارداد پر

بقیہ 19 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے ایف بی آر افسران کو ہیڈکوارٹر الاؤنس دینے کے فیصلے کیخلاف اپیلیں خارج کردیں

اگر ایف بی آر ٹائم اسکیل ملازمین کو الگ کرنا چاہتا ہے تو دوبارہ سمری بھجوائی جاسکتی ہے، چیف جسٹس کے ریمارکس

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے افسران کو ہیڈکوارٹرز الاؤنس دینے سے متعلق سروس ٹربیونل کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے ایف بی آر کی اپیلیں خارج کردیں۔ کیس کی سماعت منگل کو چیف جسٹس یحییٰ

بقیہ 20 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

خواندگی محض پڑھنے لکھنے کی صلاحیت نہیں بلکہ مضبوط معاشرے کی بنیاد ہے

سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان تعلیم کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تعلیمی نظام کی بہتری، اسکولوں کی بحالی اور بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے

گزشتہ دو برسوں کے دوران بلوچستان کے 3 ہزار 800 سے زائد غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ 7 لاکھ 68 ہزار سے زائد اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خواندگی صرف پڑھنے لکھنے کی صلاحیت کا نام نہیں بلکہ بچوں کے روشن مستقبل، معاشرتی ترقی اور مضبوط و خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، حکومت بلوچستان تعلیم کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تعلیمی نظام کی بہتری، اسکولوں کی بحالی اور بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے۔ عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران بلوچستان کے 3 ہزار 800 سے زائد غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا جبکہ 7 لاکھ 68 ہزار سے زائد اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت 2 ہزار سے زائد نئے اسکول قائم کیے گئے ہیں جبکہ مزید

بقیہ 21 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی موبائل ایپلیکیشن کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کررہے ہیں

ایران مکہ دفاعی اتحاد کا حصہ بن سکتا ہے، روسی وزیر خارجہ

ماسکو(این این آئی) روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے امکان ظاہر کیا ہے کہ کسی مرحلے پر ایران

بقیہ 23 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جام کمال خان چار روزہ دورے پر ہانگ کانگ کا دورہ کریں گے

پاکستان کی تجارت کے فروغ، عالمی شراکت داریوں کے استحکام اور نئی سرمایہ کاری کے امکانات پر اہم ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد(آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان چار روزہ اعلیٰ سطحی سرکاری دورہ پر ہانگ کانگ روانہ ہوگئے، جہاں وہ بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ دورے کے دوران پاکستان کی تجارت کے فروغ، عالمی شراکت داریوں

بقیہ 22 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں خیبرپختونخوا حکومت کو قانون سازی کیلئے تین ہفتے کی مہلت دیدی

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں خیبرپختونخوا حکومت کو قانون سازی کے لیے تین ہفتے کی مہلت دیدی۔ الیکشن کمیشن میں خیبرپختونخوا بلدیاتی انتخابات کیس کی سماعت ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی کمیشن نے کی، جس میں اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ صوبے کے 7 اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل تعطل کا شکار [illegible]

بقیہ 25 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں کا عمران خان جیسی طبی سہولیات کیلئے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع

قیدیوں کی ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف تینوں اپیلوں کو الگ الگ نمبر الاٹ کر دیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) قیدیوں نے بانی پی ٹی آئی جیسی طبی سہولیات لینے کے لیے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کردی۔ ذرائع کے مطابق آئینی عدالت نے درخواست کو نمبر بھی الاٹ کر دیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نے بانی پی ٹی آئی

بقیہ 24 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

لاہور، جمعیت علما اسلام ف کے امیر مولانا فضل الرحمن عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام لاہور میں منعقدہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کیلئے نئے مقامی ٹیکس کی تجویز زیر غور

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی حدود میں بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکھٹا کیا جائیگا

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کی صورت میں مقامی سطح پر نیا ٹیکس لگانے کی تجاویز کا جائزہ لینا شروع کردیا ہے، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کے تحت پانچویں جائزے کے مذاکرات رواں ماہ شروع ہوں گے، آئی ایم ایف وفد کے ساتھ رواں ماہ مذاکرات کے دوران ایکسٹینڈڈ فنڈ

بقیہ 35 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

27 ستمبر احتجاج کیس پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا لارجر بینچ بنانے کا فیصلہ

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف دائر درخواست پر اہم پیش رفت کرتے ہوئے معاملے کی حساسیت کے پیش نظر لارجر بینچ تشکیل دینے کا فیصلہ کرلیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے شہری وقاص احمد کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران

بقیہ 34 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی وزیر داخلہ نے اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح کردیا

نئے سینٹر کا بنیادی مقصد آئی جی اسلام آباد کو ایک ہی مقام سے پوری اسلام آباد پولیس کی موثر کمانڈ اور مانیٹرنگ کی سہولت فراہم کرنا ہے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد پولیس کے جدید کمانڈ، کنٹرول، کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح کردیا ہے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے آئی جی اسلام آباد اپنے دفتر سے سیف سٹی، پولیس آپریشنز اور شہر میں امن و امان کی صورتحال کو براہ راست مانیٹر اور کمانڈ کرسکیں گے۔ جدید سینٹر سے اسلام آباد پولیس کی کمانڈ

بقیہ 33 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سونا عالمی اور مقامی مارکیٹ میں سستا، چاندی کی قیمت میں اضافہ

کراچی(این این آئی) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہوگئی جب کہ چاندی کے نرخ بڑھ گئے۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں منگل کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 10 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 396 ڈالر کی سطح پر آگئی۔ اسی طرح مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج کاروباری ہفتے کے دوسرے

بقیہ 26 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

نیب کیس میں جسمانی ریمانڈ کی مدت 40 دن کرنے سے متعلق صدارتی آرڈیننس کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے نیب کیس میں جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 دن سے بڑھا کر 40 دن کرنے کے صدارتی آرڈیننس کے اقدام کے خلاف کیس کی سماعت عدالت نے درخواست پر فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ منگل کو جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے تجمع اللہ کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار اعظم صدیق اور ڈپٹی اٹارنی جنرل

بقیہ 31 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کیلئے عالمی تعاون کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتا ہے، ممتاز زہرا بلوچ

ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کے خواہاں ہیں اپنے دفاع پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے، تقریب سے خطاب

پیرس (این این آئی) فرانس میں پاکستانی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کیلئے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتا ہے، ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کے

بقیہ 27 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

نیتن یاہو کو 2023 میں حماس کے حملے کی پیشگی اطلاع ملی، جسے انہوں نے چھپایا، اسرائیلی اخبار

عرب شخصیت نے خبردار کیا تھا کہ حملہ بڑے پیمانے پر خونریزی کا سبب بنے گا ساتھ پورے خطے کو غیر مستحکم اور ابراہیم معاہدوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے، رپورٹ

تہران (این این آئی) حماس کے سابق سربراہ یحییٰ سنوار نے 7 اکتوبر 2023 کے حملے سے چند روز قبل غزہ سے ایک بڑے حملے کی تیاری کا پیغام بھیجا تھا جو اسرائیلی خفیہ ادارے کو موصول ہوا تھا۔ اسرائیلی اخبار کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ اسی دوران ایک عرب شخصیت نے بھی اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو براہ راست فون کر کے خبردار کیا تھا کہ یحییٰ سنوار کسی

بقیہ 29 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جرمنی کے ریاستی الیکشن میں انتہائی دائیں بازو کی مسلم دشمن جماعت کی تاریخی کامیابی

اے ایف ڈی نے مسلمان مہاجرین سے متعلق سخت گیر موقف اپنایا اور غیر جرمن کو ملک سے نکالنے پر زور دیا

برلن (این این آئی) جرمنی کی انتہائی دائیں بازو کی جماعت آلٹرنیٹو فار جرمنی نے مشرقی ریاست سیکسنی انہالٹ کے انتخابات میں تاریخی کامیابی حاصل کرلی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دائیں بازو کی جماعت آلٹرنیٹو فار جرمنی نے 44.7 فیصد ووٹ حاصل کیے جبکہ 83 رکنی پارلیمان میں سے 39 نشستوں پر فتح حاصل کی تاہم وہ واضح اکثریت

بقیہ 30 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

شرح خواندگی میں اضافہ خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کیلئے ناگزیر ہے

سپیکر قومی اسمبلی

آئین پاکستان کے تحت 5 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کو مفت تعلیم کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے، سردار ایاز صادق

وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی تعلیمی ایمرجنسی کے تحت سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام میں شامل کرنے کے اقدامات خوش آئند ہیں، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ خواندگی قومی ترقی اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، شرح خواندگی میں اضافہ خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کے لیے ناگزیر ہے۔ خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ خواندگی محض پڑھنے لکھنے کی صلاحیت کا نام نہیں ہے بلکہ یہ موثر فیصلہ سازی اور معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے کا اعتماد فراہم

بقیہ 28 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

امریکی دھمکی کے باوجود روس بھارت کو تیل فروخت کرے گا

تیل فروخت کی اجازت نہ دی گئی تو دنیا کو جس صورتحال کا سامنا ہوگا توانائی کی منڈیاں اس کی متحمل نہیں ہوسکتیں، روسی سفیر

واشنگٹن (این این آئی)امریکا کی ٹیرف کی دھمکی کے باوجود روس نے بھارت کو تیل کی فروخت جاری رکھنے کا عزم کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بھارت میں تعینات روسی سفیر ڈینس علیپوف نے امریکا کے ٹیرف لگانے سے متعلق مجوزہ

بقیہ 36 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی سی فوڈ برآمدات پہلی بار 50 کروڑ ڈالر سے تجاوز کرگئیں

2025-26ء میں سمندری خوراک کی برآمدات 56 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئیں، 2 سال میں تقریباً 40 فیصد اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات پہلی بار 50 کروڑ ڈالر کی حد عبور کرتے ہوئے مالی سال 2025-26ء میں 56 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق سی فوڈ کا شعبہ

بقیہ 37 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی معیشت مستحکم، ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کرسکتی ہے، موڈیز

اسلام آباد(این این آئی) موڈیز نے کہا ہے کہ پاکستانی معیشت مستحکم ہے اور ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کرسکتی ہے۔ بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی موڈیز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معیشت آبنائے ہرمز سے پیدا ہونے والے موجودہ بحران کے جھٹکے کو 2022 کے تیل کے بحران کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر برداشت کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق موڈیز

بقیہ 39 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

نئے صوبے نہیں، عام آدمی کے حالات بہتر بنانا اصل مسئلہ ہے، چوہدری برجیس طاہر

آئین و قانون کی حکمرانی، انصاف، میرٹ اور روزگار کے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا، نوجوان خطرناک راستوں سے بیرون ملک جانے پر مجبور ہیں

سانگلہ ہل (این این آئی) سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ ملک کے اصل مسائل نئے صوبے بنانا نہیں بلکہ عام آدمی کے حالات بہتر بنانا ہیں، آج غریب، انصاف، مزدور اپنی محنت کا صلہ اور نوجوان

بقیہ 38 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

صحت کے شعبے کو سک کیئر سے نکال کر ہیلتھ کیئر کی طرف لے جانا ہوگا

وزیر صحت

بیماریوں سے بچاؤ قومی ترجیح ہے، بڑھتی آبادی اور بیماریوں کے بوجھ کے باعث ملک میں ہسپتال، ڈاکٹرز، طبی عملہ اور جدید طبی مشینری کی تعداد میں محض اضافہ کرکے صحت کے مسائل پر قابو نہیں پایا جاسکتا

پاکستان اس وقت دنیا کے تیزی سے بڑھنے والی آبادی والے ممالک میں شامل ہے 2030 تک آبادی کے لحاظ سے دنیا کا چوتھا بڑا ملک بن جائے گا

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے کو سِک کیئر سے نکال کر ہیلتھ کیئر کی طرف لے جانا ہوگا، صحت کے نظام کو صرف ہسپتال بنانے اور مریضوں کا علاج کرنے تک محدود نہیں رکھا جاسکتا بلکہ بیماریوں سے بچاؤ اور ہیلتھ کیئر پر توجہ دینا ہوگی کیونکہ بڑھتی ہوئی آبادی اور بیماریوں کے بوجھ کے باعث ملک میں ہسپتال، ڈاکٹرز، طبی عملہ اور جدید طبی مشینری کی تعداد میں محض اضافہ کرکے صحت کے مسائل پر قابو نہیں پایا جاسکتا۔ وہ منگل کو یہاں سرینا ہوٹل میں ذیابیطس کے حوالے سے منعقدہ تقریب

بقیہ 40 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کلیدی کارکردگی کے اشاریوں پر وزیراعظم کی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملاقاتیں نہ ہونے پر تشویش ہے، اسی وجہ سے حالات اس نہج پر پہنچے ہیں

بیرسٹر گوہر

سیاسی تناؤ اور چپقلش سے عوام اکتا چکی ہے، حالات بہتر کرنے کے لیے سب کو ایک ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا، چیئرمین پی ٹی آئی

موجودہ پارلیمنٹ پہلے ہی متنازع آئینی ترامیم کرچکی ہے، مزید ترمیم سے وفاق کمزور ہوگا، اگر آبادی ہی معیار ہے

راولپنڈی(آن لائن)چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے اڈیالہ روڈ داہگل ناکہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں نہ ہونے پر تشویش ہے، اسی وجہ سے حالات اس نہج پر پہنچے ہیں۔ بانی کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک ملکی تاریخ میں کسی سیاسی قیدی کے ساتھ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ملاقاتیں ہوتیں تو پیغامات آتے اور حالات بہتری کی جانب جاتے۔ ملاقاتوں کی درخواست پر عدالت کے حکم کے باوجود عمل نہیں کیا گیا، جبکہ سپریم کورٹ میں ہماری درخواستیں زیر التوا ہیں۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ

بقیہ 41 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta
روزنامہ صباء کوئٹہ

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اٹھارویں اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

پاکستان چاروں صوبوں کیساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا

مراد علی شاہ

نئے صوبے نہیں بن سکتے، سندھ پاکستان بنانے والے بانی صوبوں میں شامل ہے، کراچی ملک کا معاشی مرکز اور روشن ستارہ ہے

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نئے صوبوں کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اپنے چاروں صوبوں کے ساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا، سندھ پاکستان بنانے والے بانی صوبوں میں شامل ہے اور ملک کی سلامتی یکجہتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ متحد قوم اور مضبوط مسلح افواج کے ہوتے ہوئے پاکستان کو کوئی خطرہ نہیں، اگر پاکستان، سندھ یا کراچی کی طرف کسی نے بری نظر سے دیکھا تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ کراچی میں ''سلام کراچی'' فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ یوم آزادی، یوم دفاع، یوم شہداء اور یوم فضائیہ کی مناسبت سے پندرہ روزہ تقریبات کا انعقاد قابل تحسین اقدام ہے، کراچی روشنیوں کا شہر اور پاکستان کا روشن ستارہ ہے، سندھ اور کراچی نے ہمیشہ ملک کی ترقی، استحکام اور جمہوری جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ کو پاکستان بنانے والے بانی صوبوں میں شمار کیا جاتا ہے1938ء میں سندھ مسلم لیگ نے اہم قرارداد

بقیہ32 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

کوہستان مری، کوہستان مری تا سبی قومی شاہراہ پر چاکر تنگی روڈ کی تعمیر کا کام آخری مراحل میں داخل

منصوبے کی تکمیل سے سفر کا دورانیہ کم اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، سائٹ انچارج سیفیل مری

کوہستان مری (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں کوہستان مری تا سبی قومی شاہراہ پر چاکر تنگی روڈ کی تعمیر کا کام آخری مراحل میں داخل ہوگیا ہے۔ سڑک کی تکمیل سے کوہستان مری اور سبی کے درمیان سفر کا دورانیہ نمایاں طور پر کم ہونے کے ساتھ مسافروں کو سفری سہولت بھی میسر آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق کوہستان مری تا سبی قومی شاہراہ پر ایگزیکٹو انجینئر محبت مری کی زیر نگرانی تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ قومی شاہراہ پر کام کرنے والے سائٹ انچارج سیفیل مری نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ شاہراہ کی کٹنگ کا کام تقریباً آخری مراحل میں پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ جلد ہی سڑک کو ریس سوڑ کے مقام پر پرانی شاہراہ سے ملا دیا جائے گا، جس کے بعد اس روٹ پر سفر کرنے والے شہریوں کو آمدورفت میں مزید آسانی ہوگی۔

اوستہ محمد میں پانی کا بحران شہری بوند بوند کو ترس گئے

فیز ٹو واٹر سپلائی منصوبہ شہریوں کی پیاس نہ بجھا سکا مختلف وارڈز میں پانی کی شدید قلت

اوستہ محمد (اے این این) اوستہ محمد میں فیز ٹو واٹر سپلائی منصوبے کے باوجود شہر کے مختلف وارڈز میں پینے کے پانی کی شدید قلت نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا متعدد علاقوں کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، گھریلو ضروریات پوری کرنا بھی دشوار ہوگیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کے مختلف وارڈز میں پانی کی فراہمی کا نظام مسلسل متاثر ہے کہیں کئی روز سے پانی نہیں آرہا تو کہیں انتہائی کم پریشر کے باعث گھروں تک پانی پہنچ ہی نہیں پاتا۔ پینے کے پانی کے حصول کے لیے شہریوں کو دور دراز علاقوں کا رخ کرنا پڑ رہا ہے جبکہ بعض خاندان منہگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں۔ عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیز ٹو واٹر سپلائی منصوبے سے شہریوں کو امید تھی کہ پانی کا دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہوگا تاہم مختلف علاقوں میں پانی کی عدم فراہمی نے منصوبے کی افادیت پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ شدید گرمی میں پانی کی قلت نے شہریوں خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ پینے کا صاف پانی کوئی عیاشی نہیں بلکہ بنیادی انسانی ضرورت ہے حکومت اور متعلقہ محکمے عوام کو اس بنیادی سہولت کی فراہمی یقینی بنانے کے پابند ہیں۔

جاپانی اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ سے ہیتومی سونو داسان کی ملاقات

جاپان گورنمنٹ پاکستان میں سماجی ترقی کے منصوبوں میں معاونت کررہی ہے: سینئر آرکیٹیکٹ گیروس کارپوریشن

کوئٹہ (اے این این) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے جاپان کی معروف گیروس کارپوریشن کے سینئر آرکیٹیکٹ (فرینڈ آف پاکستان) ہیتومی سونودا سان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں تعلیم، صحت، پانی، زراعت، مختلف انفراسٹرکچر منصوبوں سمیت جاپان اور پاکستان کے درمیان ثقافتی تعاون کو فروغ دینے سمیت ایئرپورٹ سکیورٹی کی بہتری کیلئے تقریباً 7 ارب روپے مالیت کے (جائیکا) گرانٹ ایڈ پروجیکٹ (مرحلہ دوم) کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ واضح رہے کہ (فرینڈ آف پاکستان) ہیتومی سونودا سان ماضی میں ین کریڈٹ کے تحت بلوچستان میں مالی معاونت والے منصوبوں سمیت 2 سو سے زائد مڈل سکولوں کی تعمیر میں اہم ترین خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ہیتومی سونودا سان نے کہا کہ جاپان گورنمنٹ جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے ذریعے بلوچستان میں بنیادی ڈھانچے، سڑکوں، پانی کی فراہمی، سماجی ترقی کے منصوبوں میں معاونت کر رہی ہے، پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے بلوچستان کو 22 سے زائد جدید ڈرلنگ رگز کی فراہمی سمیت مختلف انفراسٹرکچر منصوبوں کی تکمیل میں تعاون فراہم کیا ہے۔

سوراب، ارباز اور نصرت پمپ پر ڈکیتی کی بڑی واردات، پولیس نے ایک ملزم گرفتار کرکے گاڑی برآمد کرلی

سوراب (یو این اے) سوراب میں ارباز پمپ اور نصرت پمپ پر ڈکیتی کی واردات کرنے والے ایک ملزم کو گرفتار کرکے چھینی گئی گاڑی، نقدی اور موبائل فون برآمد کر لیے گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق اتوار کو ساڑھے پانچ بجے چار نامعلوم افراد نے ارباز پمپ پر ڈکیتی کرتے ہوئے پچاس لاکھ روپے نقدی اور پچاس ہزار روپے مالیت کے دو موبائل فون چھین لیے، جبکہ ملزمان نصرت پمپ سے ایکوا گاڑی بھی چھین کر فرار ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے فوری طور پر تعاقب کیا اور کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایک ملزم عمران ولد نگری محمد انور (ذات مروشاہی، سکنہ سیاکمب ماراپ حال کھٹانہ، خضدار) کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی۔ پولیس نے واقعے کی مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے جبکہ دیگر فرار ملزمان کی گرفتاری اور باقی مسروقہ مال کی برآمدگی کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بھاگ' قلت آب کا بحران شدت اختیار کرگیا

بھاگ ناڑی (اے این این) بھاگ شہر میں قلت آب کا بحران شدت اختیار کرگیا پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے حکام کی ناقص کارکردگی کے بعد شہر کے مختلف محلوں میں پینے کے صاف پانی کا بحران جاری ہے گزشتہ کئی دنوں سے شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس رہے ہیں قلت آب کے باعث شہر کربلا کا منظر پیش کرنے لگا ہے صبح ہوتے ہی مرد و خواتین اور بچے پانی کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں شہری دور دراز سے گھنٹوں انتظار کے بعد بمشکل پینے کا پانی لانے پر مجبور ہیں واٹر سپلائی کی دو لائنیں غیر فعال ہیں جبکہ ناڑی واٹر پلین سے بھی کئی دنوں سے پانی کی سپلائی بند ہے عدم توجہی کے باعث کوئی پرسان حال نہیں تالاب بھی تقریباً خشک ہو چکے ہیں اگر کہیں دستیاب ہے وہ پینے کے قابل نہیں سابق ادوار میں سابق گورنر امیر الملک مینگل اور عبدالمالک بلوچ کی جانب سے بھاگ ناڑی کو پانی کی فراہمی کے مد میں جاری کردہ کروڑوں روپے کے باوجود بھی عوام کو پینے کا پانی میسر نہیں لوگوں کو زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔

کوہلو، بارشوں اور سیلابی ریلوں سے بچا کیلئے نیو کلی میں حفاظتی دیواروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

منصوبے کی تکمیل سے رہائشی علاقوں کو سیلابی پانی سے تحفظ ملے گا، مکینوں کا محکمہ اریگیشن کی کاوشوں پر اطمینان

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث آبادی کو درپیش خطرات کے پیش نظر محکمہ اریگیشن کی جانب سے نیو کلی میں حفاظتی دیواروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق مون سون بارشوں کے دوران برساتی نالوں اور سیلابی پانی کے بہاؤ میں اضافے کے باعث نیو کلی کے رہائشی علاقوں اور گھروں کو پانی داخل ہونے اور دیگر نقصانات کا خدشہ رہتا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر محکمہ اریگیشن نے آبادی کو سیلابی پانی کے ممکنہ نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی دیواروں کی تعمیر شروع کر رکھی ہے، جس پر کام تیزی سے جاری ہے۔

اوتھل، جامع مسجد غوثیہ میں پروقار محفل میلاد النبی کا انعقاد، عاشقان رسول کی بڑی تعداد میں شرکت

حضور اکرم کی سیرت طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے، سنت رسول پر عمل کرکے ہی کامیابی ممکن ہے، مولانا محمد شاہد رضا عطاری

اوتھل (یو این اے) جامع مسجد غوثیہ موچی محلہ اوتھل میں جشن میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک پروقار محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا، جس میں موچی محلہ سمیت شہر کے مختلف علاقوں سے عاشقان رسول ﷺ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل میلاد میں مبلغ دعوت اسلامی حضرت علامہ و مولانا محمد شاہد رضا عطاری نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے، آپ ﷺ سے سچی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو آپ ﷺ کی سنتوں کے مطابق ڈھالیں۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات انسانیت کے لیے امن، محبت، بھائی چارے اور حسن اخلاق کا درس دیتی ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی روزمرہ زندگی میں سنت رسول ﷺ کو اپنائیں، نماز کی پابندی کریں۔

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے الجبر کالج کے بانی عبدالکریم ثاقب کی قیادت میں وفد ملاقات کررہے ہیں

عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کیساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائیگی، عبداللہ مینگل

جعلی ڈاکٹرز، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا

خضدار (اے این این) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایات پر محکمہ صحت نے جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف خضدار سٹی اور مضافاتی علاقوں میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی کی قیادت میں محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم اسسٹنٹ کمشنر نال عبداللہ مینگل اور ڈرگ انسپکٹر عبدالرشید مینگل کے ہمراہ کٹھان، کوشک کاٹنک اور خضدار سٹی کے مختلف جگہوں پر متعدد نجی کلینکس اور طبی مراکز کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے10 جعلی کلینکس کو موقع پر سیل کردیا گیا، جبکہ مختلف طبی مراکز میں موجود ادویات، رجسٹریشن اور طبی سہولیات کے قانونی و معیاری تقاضوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ جعلی ڈاکٹرز، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔

نصیرآباد، سبی اور کوہ سلیمان ڈویژنز پر مشتمل نیا صوبہ وقت کی ضرورت ہے، خالد جمالی

بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو انتظامی طور پر بااختیار بنایا جائے، عوامی محرومیوں کا ازالہ ناگزیر ہے

اوستہ محمد (اے این این) معروف سیاسی و سماجی رہنما میر خالد خان جمالی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کی دیرینہ محرومیوں کے خاتمے اور مؤثر و بہتر طرز حکمرانی کے لیے نصیرآباد، سبی اور کوہ سلیمان ڈویژنز پر مشتمل الگ صوبے کے قیام کی تجویز پر سنجیدگی سے غور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، تاہم وسیع جغرافیائی حدود اور موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث دور دراز علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات، سرکاری اداروں تک رسائی اور بروقت انتظامی خدمات کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ بلوچستان کے انتظامی مسائل کو روایتی انداز سے ہٹ کر زمینی حقائق اور عوامی ضروریات کی روشنی میں حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نصیرآباد، سبی اور کوہ سلیمان ڈویژنز کو یکجا کرکے ایک نیا صوبہ تشکیل دینے سے خطے میں انتظامی اختیارات نچلی سطح تک منتقل ہوں گے، جس کے نتیجے میں عوام کے مسائل کے فوری حل، ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی اور سرکاری وسائل کی منصفانہ تقسیم میں مدد ملے گی۔

بینکنگ سیکٹر معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے یاسر اقبال دشتی

صحت، تعلیم اور بنیادی شہری سہولیات ایسے اہم شعبے ہیں جن میں مشترکہ کوششوں کے ذریعے نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے

تربت (اے این این) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ضلع کیچ میں قائم مختلف بینکوں کے منیجرز کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بینکوں کے سی ایس آر فنڈز کو عوامی فلاح و بہبود، صحت، تعلیم اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے موثر اور منظم انداز میں استعمال کرنے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف اہم تجاویز زیر غور آئیں۔ اس موقع پر تربت شہر اور دیگر اہم مقامات پر 300 اسٹریٹ لائٹس کی فراہمی، ایمبولینسز کی مرمت و بحالی، سول ہسپتال میں ضروری سہولیات کی فراہمی، شعبہ تعلیم کی بہتری اور تربت بازار میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے لیے بینکوں کی جانب سے سی ایس آر فنڈز کے تحت تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا بنیادی مقصد دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینکنگ سیکٹر معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری اولین ترجیح ہے

بخت کاکڑ

اسپتالوں میں سہولیات کی کمی کو دور کرنے اور مریضوں کو بہتر علاج فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں' وزیر صحت بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اسپتالوں میں سہولیات کی کمی کو دور کرنے اور مریضوں کو بہتر علاج فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بنیادی صحت کی سہولتوں کے حوالے سے برسوں سے محرومیوں کا شکار ہیں ہماری کوشش ہے کہ یہ محرومیاں ختم ہوں اور صوبے کے ہر شہری کو صحت کی بہتر سہولیات اس کی دہلیز پر میسر آئیں بخت محمد کاکڑ نے واضح کیا کہ صوبے کے بڑے اسپتالوں کے ساتھ ساتھ دیہی مراکز صحت کو بھی جدید سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے' انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کمی پوری کرنے کے لیے بھرتیوں کا عمل شروع کردیا گیا ہے جبکہ ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے شفاف نظام وضع کیا جارہا ہے' وزیر صحت نے کہا کہ صوبے میں ہیلتھ انشورنس پروگرام کے دائرہ کار کو مزید بڑھایا جائے گا تاکہ غریب اور مستحق خاندان

بقیہ42 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول چمن میں طلبہ اور انتظامیہ کی جانب سے صفائی و خوبصورتی مہم میں بھرپور حصہ لیا جارہا ہے

کوئٹہ، خروٹ آباد میں فائرنگ کا افسوسناک واقعہ، سگے بھائی کے ہاتھوں بھائی جاں بحق

کوئٹہ (یو این اے) خروٹ آباد کے علاقے میں فائرنگ کے ایک افسوسناک واقعے میں ایک شخص اپنے ہی سگے بھائی کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگیا، تاہم پولیس نے اطلاع ملتے ہی فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ ملزم کو انتہائی مختصر وقت میں گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا 9 ایم ایم پستول بھی برآمد کرلیا گیا ہے پولیس کے مطابق خروٹ آباد کے علاقے میں فائرنگ کے واقعے کی اطلاع موصول ہوتے ہی ایس آئی ایس ایچ او احسان اللہ مروت نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر جائے وقوعہ کا رخ کیا اور موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا۔ ابتدائی معلومات اور دستیاب شواہد کی بنیاد پر پولیس نے واقعے میں ملوث مبینہ ملزم کی تلاش شروع کردی پولیس حکام کے مطابق ابتدائی طور پر سامنے آنے والی معلومات کے تحت ملزم نعمت اللہ نے مبینہ طور پر فائرنگ کرکے اپنے سگے بھائی حکمت اللہ کو قتل کردیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی صورتحال پیدا ہوگئی، جبکہ پولیس نے فوری طور پر علاقے کو اپنی تحویل میں لے کر ملزم کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کردی خروٹ آباد پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ ملزم نعمت اللہ کو صرف 20 منٹ کے اندر گرفتار کرلیا۔

صحبت پور کے مقامی لوگوں کیلئے 10 گھروں کی تعمیر ایک قابل تحسین فلاحی اقدام ہے، فریدہ ترین

منصوبے کی تکمیل میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ مستحق افراد کو بروقت معیاری اور محفوظ رہائشی سہولیات فراہم کی جاسکیں

صحبت پور (اے این این) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے او جی ڈی سی ایل (OGDCL) کی جانب سے مقامی لوگوں کے لیے تعمیر کیے جانے والے 100 نئے گھروں کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا موقع پر جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے گھروں کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل، تعمیراتی معیار، بنیادی سہولیات اور دیگر امور کا باریک بینی سے معائنہ کیا ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے کو ہدایت کی کہ منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیار اور طے شدہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ مستحق افراد کو بروقت معیاری اور محفوظ رہائشی سہولیات فراہم کی جاسکیں اور وہ اپنے نئے تعمیر شدہ گھروں میں باعزت طور پر آباد ہوسکیں انہوں نے کہا کہ او جی ڈی سی ایل کی جانب سے صحبت پور کے مقامی لوگوں کے لیے100 گھروں کی تعمیر ایک قابل تحسین فلاحی اقدام ہے، جس سے نہ صرف مستحق خاندانوں کو بہتر رہائشی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ ان کے معیار زندگی میں بھی بہتری آئے گی ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے او جی ڈی سی ایل انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی نے علاقے کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے گھروں کی تعمیر کا جو منصوبہ شروع کیا ہے وہ قابل قدر اقدام ہے۔

لائیوسٹاک کے شعبے اور ویٹرنری اسپتالوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جارہا ہے، فیصل خان جمالی

بلوچستان کی معیشت میں لائیوسٹاک ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اس کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ لائیو سٹاک کے شعبے اور ویٹرنری اسپتالوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ بلوچستان کی معیشت میں لائیو سٹاک کا شعبہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اس شعبے کی ترقی سے نہ صرف مالداروں کی معاشی حالت بہتر ہوگی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں مالداری کے فروغ اور مویشی پال افراد کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ویٹرنری اسپتالوں میں جدید طبی سہولیات، ادویات اور ضروری آلات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ مویشیوں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر قوم پرست رہنما محمد حنیف مختیار زئی بلوچ نوکل برمن محمد بچل سومرو پرسنل محمد عارف اسٹاف افسر محمد رفیق بھی موجود تھے۔

پشین، فرائض سے غفلت اور غیر حاضری پر دو پولیس اہلکار برطرف، ایس ایس پی نوید عالم کا اقدام

دہشتگردانہ حملے میں پولیس اہلکار نعمت اللہ کی شہادت کے بعد محکمانہ کارروائی، غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

پشین (یو این اے) ضلع پشین میں سکیورٹی کی سنگین صورتحال اور پولیس اہلکاروں کی جانب سے فرائض میں مبینہ غفلت کے معاملے پر ایس ایس پی پشین نوید عالم نے بڑی محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے دو پولیس اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کردیا ہے۔ ایس ایس پی کے مطابق دونوں اہلکار ڈیوٹی سے غیر حاضر تھے، جس کے باعث سکیورٹی انتظامات متاثر ہوئے اور ایک دہشت گردانہ واقعہ پیش آیا، جس میں پولیس اہلکار نعمت اللہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے تھے ایس ایس پی پشین نوید عالم کے مطابق ضلع میں موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر پولیس اہلکاروں کی ڈیوٹی میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس اہلکاروں کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ حساس مقامات، سرکاری تنصیبات اور پولیس اہلکاروں کی سکیورٹی کو یقینی بنانا ہے۔

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (KPIs) کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

بیلا، پاکستان پیپلز پارٹی کا تعارفی اجلاس، کارکنوں کے مسائل ترجیحات میں شامل ہیں، وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کا تعارفی اجلاس اتوار کے روز ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی صدارت میں منعقد ہوا وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی شہدا اور عوام کی جماعت ہے پیپلز پارٹی تاریخ قربانیوں سے بھری ہے انہوں نے کہا کہ کارکنان کے مسائل کا حل ترجیحات میں شامل ہے کارکنوں کو کسی مشکل گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے مرکزی و صوبائی قیادت کی سربراہی میں پارٹی کو فعال و منظم کریں گے ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر نثار بزنجو ضلعی سیکرٹری اطلاعات و نشریات انفارمیشن سیکرٹری یوسف راہی سینئر نائب صدر مشتاق گلاب اسلم خاموش اقبال قمر اسلم تھیسانی حیدر شاہ لطیف بلوچ نواب بزنجو نے بھی خطاب کیا بیلا اوتھل سکنن واپار و سینڈیا کونر جام یوسف باد سمیت بیلا کے مختلف علاقوں سے سابق عہدیداران و کارکنوں کی بڑی تعداد نے تعارفی اجلاس میں شرکت کی بعد ازاں ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کو جلوس کی شکل میں شہید بینظیر بھٹو چوک لایا گیا۔

ژوب، بلدیاتی اداروں کی بندش سے ژوب سمیت صوبے بھر میں صفائی کا نظام درہم برہم، شہریوں کی تشویش

شہر کے گلی محلوں اور بازاروں میں کچرا جمع ہونے سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ، فوری اقدامات کا مطالبہ

ژوب (یو این اے) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بلدیاتی اداروں کی بندش کے اثرات ژوب شہر سمیت صوبے کے تمام شہروں میں بھی نمایاں ہونے لگے ہیں اور گزشتہ کئی روز سے شہری سہولیات متاثر ہونے کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ صفائی کا نظام سب سے زیادہ متاثر نظر آرہا ہے اسی طرح ژوب شہر کے مختلف محلوں گلیوں بازاروں اور عوامی مقامات پر کچرا جمع ہونے لگا ہے اور صفائی کا نظام متاثر ہونے کے باعث گندگی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والے دنوں میں صورتحال مزید خراب ہوسکتی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ژوب ایک اہم اور مصروف شہر ہے جہاں روزانہ بڑی تعداد میں لوگ کاروبار خریداری اور دیگر ضروری کاموں کے لیے بازاروں اور مختلف علاقوں کا رخ کرتے ہیں۔

شہدائے مستونگ کو کسی بھی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا، ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی شجاع الحق شاہ

بلوچستان میں علماء کرام کو گرفتار اور ہراساں کرنا کسی صورت درست عمل نہیں، تمام ناجائز زیادتیوں کا ازالہ کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے سربراہ پیر طریقت رہبر شریعت سید شجاع الحق شاہ ہاشمی نورانی شوریٰ کے رکن علامہ مفتی مختار احمد حبیبی مفتی محمد ناصر حبیبی و دیگر علماء کرام نے مستونگ میں پاسبان ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم شہدائے مستونگ کو کسی بھی صورت بھلا نہیں سکتے۔ مستونگ سانحہ میں شہید ہونے والوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے ہمیشہ کے لیے امر ہو چکے ہیں۔ ان کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور ان کی یاد ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی۔ شہداء نے جس مقصد کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، اس مقصد کی اہمیت کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تحفظ ناموس رسالت کے لیے قربانیاں دینے والے علماء کرام ہمارے سروں کے تاج ہیں۔ شاہ احمد نورانی، مولانا عبدالستار نیازی سمیت دیگر علماء کرام نے تحفظ ناموس رسالت کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا اور اس عظیم مقصد کے لیے قربانیاں پیش کیں۔

سمندری وسائل کا ذمہ دارانہ استعمال حکومت کی اولین ترجیح ہے

جنید انوار چوہدری

شارک کے تحفظ وانتظام کا قومی منصوبہ2025تا2035 تین مراحل میں نافذ کیا جائے گا۔ میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ اس پر عملدرآمد کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے شارک کے تحفظ و بہتر انتظام کیلئے پاکستان کے پہلے 10 سالہ قومی منصوبے کا اعلان کردیا جنید انوار چوہدری کے مطابق شارک کے تحفظ وانتظام کا قومی منصوبہ2025تا2035 تین مراحل میں نافذ کیا جائے گا۔ میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ اس پر عملدرآمد کرے گا، جبکہ متعلقہ اداروں پر مشتمل قومی مشاورتی کمیٹی نگرانی کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کے پہلے پانچ سال کیلئے تقریباً 38 لاکھ سے 50 لاکھ ڈالر درکار ہوں گے، جن کے حصول کیلئے سرکاری بجٹ، بین الاقوامی عطیہ دہندگان اور نجی شعبے سے معاونت لی جائیگی، منصوبے کے تحت شارک کی آبادی اور ذخائر کی نگرانی، مچھلی اترنے کی جگہوں کی جانچ، کشتیوں کی نگرانی کا نظام نصب کرنے اور ماہی گیری کے دوران حادثاتی طور پر پکڑی جانے والی شارک کی ہلاکتیں کم کرنے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ منصوبے کی پیش رفت کا سالانہ جائزہ جبکہ ہر تین سال بعد جامع جائزہ بھی لیا جائیگا۔ قومی منصوبے میں شارک کے غیر قانونی پنکھ کاٹنے کا عمل روکنے،

بقیہ44 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی، آر سی ڈی شاہراہ پر کار حادثے کے نتیجے میں تین خواتین سمیت چار افراد زخمی

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے علاقے کیشنگی چیک پوسٹ کے قریب آر سی ڈی شاہراہ کے ساتھ کچے راستے میں کار حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں تین خواتین سمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کا شکار کار کوئٹہ سے خاران جارہی تھی کہ کیشنگی کے مقام پر حادثے کا شکار ہوگئی۔ حادثے میں زخمی ہونے والے چاروں افراد کو فوری طور پر میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ہسپتال میں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔

7 ستمبر یوم ختم نبوت کے تاریخی دن کی حیثیت سے ہمیشہ زندہ رہے گا، مولانا قاضی حماداللہ

بھاگ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بھاگ کے امیر مولانا قاضی حماداللہ نے کہا ہے کہ 7 ستمبر مسلمانوں کے لیے تاریخی فتح کا دن ہے، سات ستمبر1974 کو پاکستان کے آئین میں قادیانوں احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا تھا یوم ختم نبوت کا دن مسلمانان عالم کے لیے انتہائی خوشی کا دن ہے 7 ستمبر1974 کو تحریک ختم نبوت کامیاب ہوئی اور آئین پاکستان میں قادیانیوں کو کافر قرار دیا گیا قومی اسمبلی میں طویل بحث و مباحثہ کے بعد یہ تاریخ ساز فیصلہ دیا گیا۔

ژوب، لوکل گورنمنٹ کے ڈیلی ویجیز کی تنخواہوں کی بندش سے میونسپل سروسز معطل، تاجر رہنماں کا اظہار تشویش

ژوب (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران ضلع ژوب کے صدر یاران خان کلیوال، حاجی محمد دین خروٹی اور حبیب الرحمن کاکڑ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ گزشتہ دو ماہ سے لوکل گورنمنٹ کے ڈیلی ویجیز ملازمین کی تنخواہیں بند ہیں جس کی وجہ سے تمام بلدیاتی ادارے مالی بحران کا شکار ہے بلوچستان کے تمام شہروں میں میونسپل سروسز بند ہے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اور ڈیلی ویجز ملازمین خودکشی کرنے پر مجبور ہے دوسری جانب بلوچستان کے عوام بیروزگاری کی شدید مشکلات سے دوچار ہے، اسی طرح پنجاب سے بلوچستان آنے والی گندم، آٹا، گھی، دال اور چینی کی ترسیل پر بھی پابندی عائد ہے، جس کے باعث پورے بلوچستان میں آٹے کی شدید قلت اور قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں۔

بھاگ، نیشنل بینک کی سبی منتقلی سے سینکڑوں کھاتہ داروں کو شدید مشکلات کا سامنا، فیصلے کی واپسی کا مطالبہ

بھاگ (یو این اے) نیشنل بینک بھاگ برانچ کی سبی منتقلی سے سینکڑوں صارفین کھاتہ داروں کو مشکلات کا سامنا روڈ راستوں پر امن و امان کی مخدوش صورتحال سے صارفین پریشان سبی منتقلی کے فیصلے کو واپس لیا جائے عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں دہشت گردوں کی جانب سے نیشنل بینک بھاگ کو نشانہ بنانے کے بعد متعلقہ حکام کی جانب سے نیشنل بینک بھاگ برانچ کو سبی منتقلی کے احکامات کے بعد سینکڑوں کھاتہ داروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سرکاری ملازمین پینشنرز تاجر برادری نے نیشنل بینک بھاگ برانچ کی منتقلی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحصیل بھاگ کی ڈیڑھ لاکھ سے زائد آبادی کیواحد نیشنل بینک کی سبی منتقلی سے سینکڑوں ملازمین پینشنرز اور تاجر برادری کی سفری مشکلات کے علاوہ لوٹ مار کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔

کوئٹہ، عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے ایمان کا اساسی جزو ہے، تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، علمائے کرام

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام حلقہ 20 شالدرہ یونٹ کے زیر انتظام منعقدہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے صوبائی امیر مولانا مفتی محمد احمد، ضلعی نائب امیر مولانا محمد ایوب، مفتی عطاالرحمن اور مولوی نقیب اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے ایمان کا بنیادی اور اساسی جزو ہے، اس عقیدے کے تحفظ کے لیے امت مسلمہ نے ہمیشہ قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں قادیانی لابی کی جانب سے آئین و قانون کی خلاف ورزی اور عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے عوام کو گمراہ کرنے کی ہر کوشش کو آئینی و قانونی دائرے میں رہتے ہوئے ناکام بنایا جائیگا۔

کوئٹہ، عمران خان پاکستان کے لیے لازم وملزوم ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے اپنے اخباری بیان میں کہا ہے کہ عمران خان پاکستان کے لیے لازم وملزوم ہے انشاء اللہ پاکستان کا مستقبل اچھا ہوگا عمران خان اپنے سمیت پارٹی کے تمام جونیئر اور سینئر ورکروں کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو معاف کرے گا لیکن وطن عزیز کا پیسہ لوٹنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے گا عمران خان پاکستان کی تاریخ میں قائداعظم کے بعد ایک شاندار لیڈر ہے ملک کو لوٹنے والے اپنے حیثیت ان کے سامنے آچکی ہے تحریک انصاف کے جھنڈے پورے پاکستان کا گاڑ چکی ہے انشاءاللہ عمران خان کے باہر آتے ہی بلوچستان اور کے پی کے حالات سمیت تمام حالات ٹھیک ہوجائیں گے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی، صادق سنجرانی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند ملاقات کررہے ہیں

موجودہ دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید ڈیجیٹل سہولیات کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، مہر اللہ بادینی

اس لیے ائی ٹی لیب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (اے این این) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں اور جدید آئی ٹی لیب کے قیام و پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں، منصوبوں کی موجودہ صورتحال، معیار تعمیر اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کوئٹہ امیر حمزہ اور ایکسین (سٹی) سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایکسین (سٹی) کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو کوئٹہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں مختلف منصوبوں پر اب تک ہونے والی پیش رفت، جاری تعمیراتی کام، درپیش مسائل اور منصوبوں کی تکمیل کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص شہری سہولیات کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، جاری تعمیراتی منصوبوں کی رفتار، کام کے معیار اور عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران سے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے تاکہ تعمیراتی کام میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر نہ ہو اور مقررہ اہداف بروقت حاصل کیے جاسکیں۔ اجلاس میں جدید ائی ٹی لیب کے حوالے سے بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ موجودہ دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید ڈیجیٹل سہولیات کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، اس لیے ائی ٹی لیب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور شہری سہولیات میں بہتری کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں، اس لیے ان منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔

عوامی خدمت ہی ضلعی انتظامیہ کی بنیادی ترجیح ہے، وریندر لعل

انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے کہ معاشرے کے کمزور، غریب اور مستحق طبقات بالخصوص خواتین کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے

نصیرآباد (اے این این) نصیرآباد ڈویژن میں پہلی مرتبہ ضلع نصیرآباد میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کی قیادت میں خواتین کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا واضح رہے کہ آج ضلع نصیرآباد میں خواتین کو درپیش مسائل اور مشکلات کے فوری ازالے کے لیے پہلی مرتبہ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی جانب سے خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین بالخصوص عمر رسیدہ، غریب اور مستحق خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل و مشکلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ کھلی کچہری کے دوران خواتین نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے متعلق درپیش پیچیدگیوں، مالی معاونت کے حصول میں مشکلات، علاج معالجے کے لیے انڈوومنٹ فنڈ سے استفادہ کرنے میں حائل رکاوٹوں، نرسنگ کالج ڈیرہ مراد جمالی میں ہاسٹل کی عمارت کی عدم دستیابی سمیت مختلف اہم مسائل تفصیل سے بیان کیے۔ خواتین نے تحصیل بابا کوٹ اور تحصیل تمبو میں آمدورفت کے دوران امن و امان سے متعلق مسائل جبکہ تحصیل میرحسن میں پرائمری اسکول کے قیام اور بچوں کو تعلیمی سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ بھی پیش کیا اس کے علاوہ خواتین نے مختلف مالی، سماجی اور بنیادی نوعیت کی مشکلات سے بھی ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اور ان کے فوری حل کے لیے اقدامات اٹھانے کی درخواست کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے خواتین کے مسائل کو انتہائی توجہ اور تحمل کے ساتھ سنا اور متعلقہ افسران کو موقع پر ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے ہدایت کی کہ خواتین کی جانب سے پیش کیے گئے جائز مسائل کے حل کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں۔

رکھنی، پولیس تھانہ چھ کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن مقدمہ میں مطلوب مفرور ملزم سلیم جان گرفتار

بلوچستان میں کچھ عناصر حالات خراب کرنے کیلئے سازشوں میں ملوث ہیں

سلیم کھوسہ

موجودہ حکومت نے ترقی کے حوالے سے جو بڑے اسکیمات مختص کیئے گئے ہیں ان کی مکمل ہونے سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ملکر صوبے کی تعمیر و ترقی امن امان کی بحالی اور ملک دشمن عناصر کے خلاف اپنا کردار ادا کریںگے موجودہ حکومت نے ترقی کے حوالے سے جو بڑے اسکیمات مختص کیئے گئے ہیں ان کی مکمل ہونے سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا' یہ بات انہوں نے اے این این نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن واحد سیاسی اور جمہوری جماعت ہے جس نے ہمیشہ ملک اور قوم کی ترقی کیلئے کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی کریںگے موجودہ حکومت نے سیکورٹی فورسز اور خاص کر افواج پاکستان کے ساتھ ملکر دہشتگردی کے خلاف جو مہم شروع کردیا ہے وہ کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچ گئیں گے اور آنے والے وقت میں دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کریںگے بلوچستان میں ایک بار پھر کچھ عناصر حالات خراب کرنے کیلئے سازشوں میں ملوث ہے لیکن ان کی یہ سازش نہ ماضی میں کامیاب ہوئی ہے اور نہ ہی آئندہ کامیاب ہونے دیںگے

بقیہ43 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ: شہر میں پانی کی سپلائی بحال، شہریوں میں خوشی کی لہر، تالابوں کو بھی بھرنے کا سلسلہ جاری

پانچ ماہ کے بعد گنداخہ شہر کو پانی کی فراہمی شروع کردی گئی ہے

گنداخہ (اے این این) گنداخہ شہر میں گزشتہ دنوں پانی کی قلت کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات کے بعد الحمدللہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کردی گئی ہے، جس کے بعد شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ پانی کی فراہمی شروع ہونے سے شہریوں کو درپیش پینے کے پانی کی مشکلات میں کمی آنے کی امید پیدا ہوگئی ہے۔ گنداخہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کرنے کے لیے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال، میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور ایکسین پبلک ہیلتھ شکراللہ کی خصوصی کوششیں قابل تحسین ہیں، جن کی کاوشوں کے نتیجے میں شہر میں پانی کی فراہمی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا۔ دوسری جانب گنداخہ شہر کے پانی کے تالابوں کو بھی بھرنے کا سلسلہ جاری ہے، تاکہ وافر مقدار میں پانی ذخیرہ کیا جاسکے اور آئندہ دنوں میں شہریوں کو پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے پانی کی دستیابی اور ذخیرہ کرنے کے عمل پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ اس موقع پر انچارج واٹر سپلائی اسکیم گنداخہ وقار احمد جمالی کی نگرانی میں شہریوں کو مقررہ ٹائم ٹیبل کے مطابق پانی کی فراہمی جاری ہے، جبکہ واٹر سپلائی کے نظام کو بہتر انداز میں چلانے اور شہریوں تک پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

تربت، یونیورسٹی کے عقب سے خاتون کی لاش برآمد، کرکینی میں نامعلوم مقتول کی لاش امانتاً سپرد خاک

پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لے کر اسپتال منتقل کردیا، دونوں واقعات کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے، حکام

تربت (یو این اے) تربت یونیورسٹی کے عقب سے ایک خاتون کی لاش برآمد ہونے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر شناخت اور ضروری قانونی کارروائی کے لیے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کردیا، جہاں واقعے سے متعلق قانونی و طبی کارروائی جاری ہے پولیس کے مطابق تربت یونیورسٹی کے عقب سے برآمد ہونے والی خاتون کی شناخت ماہ گل بنت عزیز کے نام سے ہوئی ہے، جو کلگ میرانی کی رہائشی بتائی جاتی ہیں۔ لاش ملنے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچی اور شواہد و حالات کا جائزہ لینے کے بعد لاش کو ہسپتال منتقل کیا گیا پولیس کا کہنا ہے کہ خاتون کی موت کی اصل وجہ جاننے کے لیے ضروری قانونی کارروائی کی جارہی ہے، جبکہ واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق موت کی حتمی وجہ طبی و قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ہی سامنے آسکے گی پولیس نے واقعے سے متعلق تحقیقات شروع کردی ہیں اور اس بات کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے کہ خاتون کی لاش یونیورسٹی کے عقب میں کس طرح پہنچی اور اس کے پس پردہ کیا عوامل کارفرما تھے۔ حکام کے مطابق تحقیقات کے دوران دستیاب شواہد، عینی معلومات اور دیگر متعلقہ پہلوؤں کو مدنظر رکھا جائے گا دریں اثنا تربت کے علاقے کرکینی میں مچھلی مارکیٹ کے قریب دو روز قبل نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قتل ہونے والے ایک نامعلوم شخص کی لاش بھی اہل خانہ کی جانب سے رابطہ نہ کیے جانے کے باعث امانتاً سپرد خاک کردی گئی۔

گوادر / پشکان صوبائی حکومت کی ماہی گیر دوست پالیسی کے تحت اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز نورالدین حسنی کی نگرانی میں ماہی گیروں کی کشتیوں کی رجسٹریشن، پیمائش اور انسپکشن کا عمل جاری ہے

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے

کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت 12 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں، 7 منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ 5 نئے منصوبے بھی تجویز کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے نئے تجویز کردہ منصوبوں پر بھی بلاتاخیر کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے، شہر کی ترقی اور خوبصورتی پورے بلوچستان کی شناخت سے جڑی ہوئی ہے۔ حکومت کوئٹہ کو ایک بہتر، خوبصورت اور جدید صوبائی دارالحکومت بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کی ماضی کی خوبصورتی اور تاریخی شناخت کی بحالی کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے منصوبوں میں معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ترقیاتی کاموں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کوئٹہ کو ایسا خوبصورت اور منظم شہر بنانے کے لیے پرعزم ہے جہاں شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات میسر ہوں اور صوبائی دارالحکومت اپنی تاریخی و ثقافتی شناخت کے ساتھ ایک جدید شہر کے طور پر بھی نمایاں ہو۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایس ایم بی آر کمبر خان دشتی، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کیکوئٹہ کی ترقی، خوبصورتی، بنیادی سہولیات اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے شہر کی ماضی کی خوبصورتی اور تاریخی شناخت بحال کرنے کیلئے جامع حکمت عملی پر عملدرآمد کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کو کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پیکج کے تحت 12 منصوبے مکمل کر لئے گئے ہیں، 7 منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ 5 نئے منصوبے تجویز کئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاری منصوبوں پر کام مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نئے منصوبوں پر بھی بلاتاخیر کام شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور رفتار دونوں کو یقینی بنایا جائے، غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے، شہر کی ترقی، خوبصورتی اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ کوئٹہ کو جدید، خوبصورت اور بہتر شہری سہولیات سے آراستہ شہر بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

اسلام اور روایات کی پاسداری؟

ناصرہ عتیق

وجوہ خواہ کچھ بھی ہوں، مگر اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ خیر سے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں نت نئے ریکارڈ قائم ہو رہے ہیں بلکہ یوں کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ یہ سلسلہ بدستور جاری ہے اور تاریخ کے دھبوں میں اضافے کی روش روکنے کا کب کسی کو خیال آئے گا۔ تاریخ کے اوراق پر ایسی لغزشوں کا ذکر کسی بھی صورت مناسب نہیں گردانا جا سکتا۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ 28 اگست بروز بدھ بلکہ 27 اور 28 اگست کی درمیانی رات بھی ملک کی آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑے صوبہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور کے متعدد علاقوں میں کسی پیشگی اطلاع کے بغیر کئی کئی گھنٹے طویل لوڈشیڈنگ ہوئی، رات کو لاتعداد مساجد و نجی طور پر منعقدہ درود و سلام کی محافل کے شرکاء شدید ترین گرمی میں سرور کائنات کے حضور نذرانہ عقیدت و احترام پیش کرتے رہے۔ کرہ ارض کے پرستاران توحید کے لئے یہ سوچ ہی ناقابل یقین ہے کہ اس مقدس یوم سعید پر بااختیار طبقہ حکمرانوں کو ایسے اقدامات کے لئے کھلا چھوڑ دے، جس سے ملت اسلامیہ کا جذبات اور وسوسوں سے دوچار ہونا فطری امر ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے کہ خارزار سیاست کی بھول بھلیوں میں الجھی ہوئی قیادت کی اٹکھیلیاں ملک کی قابل اعتماد باعث فخر معاشرتی روایات کی راہوں پر پھسلن میں احتیاط کو فراموش کر چکی ہے۔ توحید کے پرستاروں سمیت کرہ ارض کی دیگر اقوام بھی اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ بت پرستی میں اپنا ثانی نہ رکھنے والی ہندو قوم کی ''پتنیاں'' یعنی بیویاں اپنے خاوندوں کا نام لیتے ہوئے شرماتی ہیں اور کبھی ہندوؤں کی ''پتنیوں'' بیویوں نے اپنے خاوندوں کا نام نہیں لیا وہ اگر اپنے پتی کو بلاتی ہوں تو اپنے کسی بیٹے یا بیٹی کا نام لے کر پکارتی ہیں جیسے ''نسبت کور'' کے ابا وغیرہ۔ اب خدا کے فضل سے سراسر اسلامی اقدار و روایات کی پرچم بردار معاشرتی زندگی میں پلنے بڑھنے والوں نے خواہ مخواہ ایک ہندو روایت کو اپنی سیاست کا حصہ بنانا کیوں بہتر سمجھا ہے۔ پہلے بھی تو پاکستان میں سیاسی میدان کے ایک سے ایک بڑے کھلاڑیوں کی کھیپ سرگرم ہوا کرتی تھی، اس عرصے کے دوران فوجی حکمران بھی آئے اور باقاعدہ نوید مارشل لاء ساتھ لائے۔ مطلق العنانیت سے عبارت حکومتوں کا دور بھی پاکستانیوں کا مقدر بنا۔ ایوب خان بھی فیلڈ مارشل کی کرسی پر جلوہ افروز ہوئے۔ قصہ مختصر ایوب خان سے لے کر تادم تحریر ملک و قوم کو مطلق العنانیت سے واسطہ رہا مگر کسی دور میں بھی سیاسی سوچ کبھی مسلمہ مسلم روایات سے ہٹ کر ہندو روایات کا احیاء نہ تھی، جلیل القدر قسم کے سیاستدان وقت کے آمروں کے سد راہ بنے ان میں سید حسین شہید سہروردی تھے۔ سردار عبدالقیوم خان، خان عبدالغفار، عبدالولی خان، غوث بخش بزنجو، نواب اکبر بگٹی تھے اسی طرح سردار عطاء اللہ مینگل، ارباب سکندر خان خلیل، مولانا مفتی محمود، مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی؟، میاں طفیل محمد، پروفیسر مقصود احمد، سید مقصود گردیزی، نور الامین، میاں محمود علی قصوری، خواجہ خیر الدین، نوابزادہ نصر اللہ خان اور اس کے علاوہ ان گنت تھے مگر کسی دور میں بھی کسی مقتدرہ یا ان کے پروردہ حکمرانوں کی کسی کھیپ کی طرف سے کسی سیاستدان کا نام نہ لینے کی روایات کو اپنایا نہ گیا۔ جیسا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو عدم اعتماد کے نتیجے میں محروم اقتدار کرنے کے بعد اس جماعت کے سربراہ عمران خان کا نام مقتدرہ اور ان کے پروردہ ارباب اقتدار کے لئے ممنوعہ ہے۔

معیشت اور سلو پوائزنگ

تسنیم شاہد

لگتا یہی ہے کہ جماعت اسلامی کے پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنے اور ہڑتالیں بھی بیکار جائیں گی۔ ان ہڑتالوں اور دھرنوں کا اثر تو الٹا ہی ہو رہا ہے۔ کم ہونے کی بجائے پٹرول اور ڈیزل مہنگے بھی ہو گئے ہیں اور لیوی میں بھی اسی تناسب سے اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ فارمولا پچھلی حکومتوں کی سمجھ میں کیوں نہیں آیا۔ اس وقت خزانے کا بوجھ یہ پٹرولیم لیوی اٹھائے ہوئے ہے جس کے ذریعے روزانہ اربوں روپے اکٹھے ہو جاتے ہیں، ہینگ لگے نہ پھٹکری اور رنگ بھی چوکھا آئے۔ نہ ایف بی آر کی جھک جھک، نہ کرپشن روکنے کا جھنجھٹ، سیدھا پٹرول و ڈیزل بیچو اور عوام کی جیبوں سے اربوں روپے نکلوالو۔ میں تو کہتا ہوں ایف بی آر کو تالے لگا کر یہی نظام اپنا لینا چاہئے۔ کسی زمانے میں حکومتوں کو عوامی احتجاج کا خوف بھی ہوتا تھا۔ اب احتجاج ہوتے رہیں حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ مجھے تو یہ لگتا ہے یہ ایک پیج والی بیماری نے عوامی احتجاج کو بھی صفر کر دیا ہے۔ جماعت اسلامی کا احتجاج تو ویسے بھی فرینڈلی سمجھا جاتا ہے۔ لاہور کا مال روڈ بے شک بند رہے، عوام کی تکلیف سے حکومت کو کوئی غرض نہیں، ملک گیر ہڑتال بھی کر کے دیکھ لی، حکومت کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ اب تو یہی لگتا ہے کہ عوام اور جماعت اسلامی کو اسی تنخواہ پر گذارا کرنا پڑے گا۔ آٹھ فروری کے انتخابات نے ایک ایسی کایا پلٹی ہے کہ سب کچھ تتر بتر ہو کر رہ گیا ہے۔ عوام اس نظام سے مائنس ہو گئے ہیں، ان کی قدر رہی ہے نہ ان کے ووٹ کی۔ یہ فارم 47 کی جو اصطلاح رائج ہوئی تھی، اس نے خوب اثر دکھایا ہے۔ اس نے عوام کے خوف کو حکمرانوں کے دلوں سے نکال دیا ہے۔ اب حکمران سیّاں ہو جان گلیاں وچ مرزا یار پھرے کی حالت میں ہیں۔ سیاسی جماعتوں کو اپنے مقبول یا غیر مقبول ہونے کی فکر بہت ہوتی تھی۔ اسی طرح ارکان اسمبلی بھی بہت خیال رکھتے تھے کہ عوام کی نظر میں بے توقیر نہ ہو جائیں۔ اب سب کا قبلہ بدل گیا ہے اور نئے قبلے کی نظر میں بے توقیر ہونے سے بچنے کے لئے سارا زور لگا رہے ہیں۔ وہ بھی کیا زمانے تھے کہ پٹرول ڈیڑھ روپیہ لیٹر مہنگا ہوتا تھا تو اسمبلیوں میں قیامت برپا ہو جاتی تھی، سڑکوں پر لانگ مارچ ہوتے تھے اور بات حکومت کے گرنے تک پہنچ جاتی تھی۔ اب عوام چاہے دس دن تک سڑکوں پر احتجاجی بھنگڑے ڈالتے رہیں، زمیں جنبد نہ جنبد گل محمد والی صورت حال رہتی ہے۔ یہ جمہوریت ہے یا عوام کی بے توقیری ہے۔ یہ جمہوریت کا حسن ہے یا بدصورتی ہے؟ جماعت اسلامی کے رہنما اگر ساکھ بچانے کے لئے یہ کہتے ہیں کہ ہم دھرنے نہ دیتے، احتجاج نہ کرتے تو پٹرول کی قیمت پانچ سو روپے فی لیٹر ہو جاتی، کہنے کو وہ ہزار روپیہ بھی کہہ سکتے تھے مگر رعایت کر گئے۔ حقیقت احوال یہ ہے کہ حکومت اگر پانچ سو روپے فی لیٹر کرنا چاہے تو رکاوٹ اب بھی کوئی نہیں، اس کے لئے راوی چین ہی چین لکھتا ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب یہ بیانات جاری کر رہے ہیں کہ سخت فیصلوں کی وجہ سے معیشت مضبوط ہوئی ہے۔ کوئی ان سے پوچھے کہ حضرت ذرا بتائیں تو سہی وہ سخت فیصلے کون سے ہیں؟ سخت فیصلہ تو صرف ایک ہی نظر آتا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر پٹرول و ڈیزل مہنگا کئے جاؤ۔ کیا ایف بی آر کی سطح پر ٹیکس جمع کرنے کا نظام بہتر ہوا، کیا اربوں کی کرپشن کا سدباب کیا گیا، کیا ٹیکس اہداف پورے ہوئے، کیا صنعتی سیکٹر سے ٹیکس ریکوری ہو سکی۔ کیا نچلی سطح تک جو سیلز ٹیکس کا نظام رائج ہے اس کا عملاً اور شفاف نفاذ ہوا؟ اس نظام کی کمزوری کے تحت اربوں روپے عوام کی جیبوں سے نکل کر قومی خزانے میں جانے کی بجائے ٹیکس چوروں اور ایف بی آر کے کرپٹ اہلکاروں کی جیبوں میں جا رہے ہیں، اس اخراج کو کون روکے گا؟ اگر اسے روکنے کا انتظام یہ حکومت سنجیدگی سے کرتی تو نظام چلانے کے لئے لیوی نافذ نہ کرنا پڑتی، یعنی عوام ادھر سے بھی لٹ رہے ہیں اور ادھر سے بھی۔ جائیں تو جائیں کہاں؟ عوام کی بے بسی جو اس دور میں دیکھی جا رہی ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ صوبائی حکومتیں عوام کا لہو نچوڑنے کے لئے اپنی ترکیبیں لڑا رہی ہیں اور وفاقی حکومت کے اپنے داؤ پیچ ہیں۔ کہیں ٹریفک کے بھاری جرمانے عوام کو ادھ موا کئے ہوئے ہیں اور کہیں پیرا فورس، صاف ستھرا پنجاب اور واسا کے ٹیکسوں نے عوام کے ناک میں دم کیا ہوا ہے۔ مہنگا پٹرول، مہنگی بجلی، مہنگی گیس وفاقی حکومت کے تحفے ہیں۔ یوں عوام درمیان میں سینڈوچ بن گئے ہیں۔ دو بڑی سیاسی جماعتیں حکومت کے مزے لے رہی ہیں۔ ہلکی پھلکی چھیڑ چھاڑ کر کے عوام کا دل بہلانے کی کوشش کرتی رہتی ہیں مگر عملاً دونوں کا مقصد ایک ہی ہے کہ یہ نظام چلتا رہے، جس کی وہ حصہ دار اور حصہ وصول کرنے والی ہیں۔ ہاں جماعت اسلامی کو اتنا کریڈٹ ضرور جاتا ہے کہ اس نے ٹھہرے پانی میں پتھر ضرور پھینکا ہے، کوئی سنے نہ سنے، اثر ہو یا نہ ہو، وہ بات ضرور کر رہی ہے۔ اس حوالے سے مجھے تحریک انصاف کے رہنماؤں پر حیرت ہوتی ہے، وہ ایک اپوزیشن کا بہت مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مانا کہ انہیں پنجاب میں خاص طور پر کسی مظاہرے سے ڈر لگتا ہے کیونکہ پولیس ان کے پیچھے لگ جاتی ہے، پکڑ لیتی ہے یا پھر گھر میں گھس کے توڑ پھوڑ کرتی ہے، لیکن اس کے ارکانِ اسمبلی اور عہدیدار بیانات تو دے سکتے ہیں۔ یہ پٹرول کی قیمتوں کا مسئلہ اس وقت عوام کا سب سے بڑا دکھ بنا ہوا ہے، اس کے خلاف آواز اٹھا سکتے ہیں۔ عوام سے لاتعلق ہو کر صرف عمران خان کے لئے آواز اٹھانے سے وہ اپنی آواز کو کمزور کر رہے ہیں۔ حکومت کو بھی سوچنا چاہئے کہ پٹرولیم لیوی کے سہارے پر کھڑی یہ نظام کی عمارت کب تک اپنا وجود برقرار رکھ سکے گی۔ یہ تو خود پاکستانی معیشت کے لئے بھی ایک مستقل خطرے والی بات ہے کہ مستحکم بنیادوں کی بجائے ہم کمزور بنیاد پر اپنا معاشی نظام چلا رہے ہیں۔ سب سے خطرناک بات یہ ہے کہ عوام کو معاشی طور پر کمزور کر کے ان کی زندگی کو مشکل بنایا جا رہا ہے۔ غربت جو پہلے ہی آسمان سے باتیں کر رہی تھی اب اس سے بھی آگے کی منزل کو چھو رہی ہے۔ مہنگائی نے غریبوں اور متوسط طبقے کو زمین سے لگا دیا ہے۔ پٹرول مہنگا ہونے سے پوری معاشی زندگی متاثر ہوتی ہے۔ آج ایک عام آدمی بھاری بلوں اور روزمرہ اشیاء کی مہنگائی کے باعث سخت مشکلات میں زندگی گزار رہا ہے۔ حکومت اس کا احساس کرنے کی بجائے اس آسان راستے کو اپنا چکی ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی لیوی سے اپنے روزمرہ اخراجات پورے کرے۔ معیشت چلانے کے لئے یہ انٹی بائیونک کا نسخہ سلو پوائزنگ سے کم نہیں۔

پاک فضائیہ کے بہادر شاہینوں کے عظیم کارنامے

اسلم لودھی

یوں تو پاک فضائیہ کا دن 7 ستمبر کو منایا جاتا ہے لیکن 1965ء کی سترہ روزہ پاک بھارت جنگ کے دوران نہ صرف پاک فضائیہ کے شاہینوں نے وطن عزیز کے تحفظ اور بری فوج کو فضائی سپورٹ یقینی بنائی، بلکہ بھارت کے لاتعداد ہوائی اڈوں کو اپنی بہترین تکنیک اور بہادری سے راکھ کا ڈھیر بنا دیا۔ 6 ستمبر 1965ء کی شام پانچ بج کر بیس منٹ پر سکواڈرن لیڈر سرفراز رفیقی، فلائٹ لیفٹیننٹ یونس حسن اور فلائٹ لیفٹیننٹ سیسل چودھری کو بھارت کے تین ہوائی اڈوں (ہلواڑہ، پٹھان کوٹ اور جام پور) تباہ کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ جیسے ہی یہ قافلہ اپنے ٹارگٹ پر پہنچا تو بھارت کے دس ہنٹر طیاروں نے ان پر حملہ کر دیا جبکہ زمین سے طیارہ شکن گنیں فائرنگ کر رہی تھیں۔ رات کا اندھیرا پھیل چکا تھا سکواڈرن لیڈر سرفراز رفیقی نے دشمن طیاروں کو دیکھتے ہی ساتھی پائلٹوں کو پٹرول کی ٹینکیاں گرانے کا حکم دے دیا لیکن یونس حسن کی پٹرول کی ٹینکی نہ گر سکی، جبکہ سرفراز رفیقی کے طیارے کی گنیں جام ہو گئیں۔ ان مشکلات کے باوجود چند سیکنڈوں میں دشمن کے تین طیارے تباہ کر دیئے گئے۔ بھارتی طیارے کا ایک گولہ سرفراز رفیقی کے طیارے کو لگا جس سے طیارہ تباہ اور سرفراز رفیقی شہید ہو گئے۔ خواجہ یونس حسن نے ہلواڑہ کا ہوائی اڈہ تباہ تو کر دیا، لیکن ان کا طیارہ ہوائی اڈے میں آگ کے بلند شعلوں کی لپیٹ میں آ گیا۔ خواجہ یونس حسن نے اپنے ساتھی سیسل چودھری کو پیغام دے کر آگ میں جلتا ہوا میرا طیارہ پٹھان کوٹ ہوائی اڈے پر گرا کر وہاں کھڑے تمام بھارتی جنگی طیاروں کو بھی راکھ کا ڈھیر بنا دیا اور خود بھی جام شہادت نوش کر لیا۔ اس فضائی قافلے سے صرف فلائٹ لیفٹیننٹ سیسل چودھری ہی زندہ سلامت واپس آ سکے۔ (یاد رہے انہی ایام میں سیسل چودھری کی بیٹی سخت بخار میں تپ رہی تھی، بیگم نے کہا آپ کو اپنی بیٹی کی تکلیف کا احساس نہیں، آپ فلائنگ پر جانے سے انکار کر دیں)۔ سیسل چودھری نے بیگم کو جواب دیا میں اپنی ایک بیٹی کو دیکھوں یا تین کروڑ بیٹیوں کو دیکھوں جو مجھے اپنے تحفظ کے لئے پکار رہی ہیں۔ یہ کہتے ہوئے سیسل چودھری فلائنگ کے لئے گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور پہلے فضائی قافلے کا حصہ بن گئے۔ 13 ستمبر 1965ء کو ایک اور فضائی قافلہ سکواڈرن لیڈر علاؤ الدین احمد کی قیادت میں فلائٹ لیفٹیننٹ سلیم فلائٹ لیفٹیننٹ امان اللہ اور فلائٹ لیفٹیننٹ منظور روانہ ہوا۔ اس سے پہلے یہ فضائی قافلہ چونڈہ کے محاذ پر سینکڑوں کے حساب سے بھارتی ٹینکوں پر کامیاب حملے کر کے ان کے پرخچے اڑا چکا تھا۔ جیسے ہی یہ قافلہ گرداسپور شہر پہنچا تو انہیں اسلحے اور فوجیوں سے بھری ٹرین دکھائی دی۔ سکواڈرن لیڈر علاؤ الدین نے جب راکٹ فائر کیے تو یکے بعد دیگرے زوردار دھماکے ہوئے اور فضا کو سیاہ بادلوں نے گھیر لیا۔ جب دوبارہ انتہائی نیچی پرواز کرتے ہوئے اس خیال سے ٹرین کے اوپر سے گزرے کہ ٹرین کا کوئی ڈبہ تباہ ہونے سے رہ تو نہیں گیا۔ تو پھٹتے ہوئے اسلحے کے ٹکڑے آسمان کو چھو رہے تھے چند ٹکڑے علاؤ الدین احمد کے طیارے کو بھی جا لگے جس سے طیارے کو نقصان پہنچا اور کاک پٹ میں دھواں بھر گیا۔ شواہد کے مطابق آپ چھاتہ کے ذریعے نیچے اتر گئے۔ دشمن نے انہیں کو شہید کر دیا۔ سرگودھا میں پہلے روز فضائی جنگ کا ہیرو مشرقی پاکستان کا شہرہ آفاق ہوا باز محمد محمود عالم رہا جس کے کارناموں پر تمام پاکستانی سر فخر سے بلند کر سکتے ہیں۔ قصہ مختصر جب چھ بھارتی طیارے سرگودھا ایئربیس کی جانب بڑھتے دکھائی دیئے تو ایم ایم عالم اپنا طیارہ فضاء کی بلندیوں میں لے گئے۔ دشمن نے ایم ایم عالم کے طیارے کو تاک لیا تھا۔ ایم ایم عالم کے پیچھے چھ بھارتی طیارے لگ گئے۔ ایم ایم عالم نے ریڈار پر دیکھا کہ بھارتی طیارہ انہیں نشانے پر لے چکا ہے اور گنیں چلنے ہی والی ہیں تو انہوں نے پلک جھپکتے ہی میں ایسی قلا بازی لگائی کہ دشمن کے تمام طیارے اوپر سے گزر گئے۔ اسے ہوابازی کی اصطلاح میں ''لیڈ'' کہا جاتا ہے۔ بھارتی طیارے ابھی گزر رہے ہی تھے کہ ایم ایم عالم ایک سیکنڈ میں سیدھے ہو کر ان کے تعاقب میں پہنچ گئے اور سب کو اپنی مشین گن کی زد میں لے کر بٹن دبا دیا۔ گولیوں کی بوچھاڑ لگی اور یکے بعد دیگرے پانچوں بھارتی جنگی طیارے آگ کی لپیٹ میں آ چکے تھے، جو سانگلہ ہل اور پنڈی بھٹیاں کے درمیانی علاقے میں زمین بوس ہوئے۔ جو ایک طیارہ بچا اسے میزائل کا نشانہ بنایا گیا تو وہ بھی لڑکھڑاتا ہوا چنیوٹ کے قریب جا گرا۔ اس طرح سرگودھا پر حملہ کرنے والے چھ بھارتی طیاروں میں سے پانچ کو اکیلے گریٹ فضائی سرفروش ایم ایم عالم نے تباہ کر کے ایک ایسا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا جس کو توڑنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ جب ایم ایم عالم فتح یاب ہو کر سرگودھا ایئربیس پر اترے تو ان کا کہنا تھا کہ مورال کے لیے فتح سے بہتر کوئی ٹانک نہیں۔ ایم ایم عالم اقبال کے حقیقی شاہین کے روپ میں ابھر کر سامنے آئے۔ پاک فضائیہ کے مزید جن شاہینوں نے دشمن پر کاری ضرب لگا کر جام شہادت نوش کیا۔ ان میں سکواڈرن لیڈر سرفراز رفیقی شہید (ستارہ جر ?ت)، سکواڈرن لیڈر علاؤ الدین احمد شہید (ستارہ جرات) سکواڈرن لیڈر لیڈر ایم ایس عالم صدیقی شہید (ستارہ حرب)، سکواڈرن لیڈر اشفاق حسین قریشی شہید (ستارہ جر ?ت) شامل ہیں۔ دو شاہین سیسل چودھری اور ائیر وائس مارشل فاروق عمر جنہوں نے 1965ء اور 1971ء کی پاک بھارت جنگ میں بھی بھرپور حصہ لیا اور وطن عزیز کی فضاؤں کے دفاع کے ساتھ ساتھ بھارت کی سرزمین پر پہنچ کر بھارتی جانی و مالی نقصان بھی پہنچایا۔ اب صرف ایم ایم عالم کے قریبی ایک ساتھی ائیر وائس مارشل (ر) فاروق عمر آج بھی ہمارے درمیان موجود ہیں جن کے سینے میں بے شمار داستان شجاعت اور عسکری داستان چمکتی اور دمکتی ہیں۔ ایم ایم عالم اور سیسل چودھری بھی چند سال پہلے اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔





ہالی ووڈ کی مقبول ایکشن ایڈونچر فرنچائز 'دی ممی' ایک بار پھر بڑے پردے پر واپسی کیلئے تیار

ایک مقامی بچے نے ڈینئل ڈے لوئس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا یہی شخص دی ممی میں نظر آیا تھا

نیو یارک (آن لائن) ہالی ووڈ کی مقبول ایکشن ایڈونچر فرنچائز 'دی ممی' ایک بار پھر بڑے پردے پر واپسی کے لیے تیار ہے۔ فلم کے معروف اداکار بریڈن فریزر نے نئی فلم کی شوٹنگ سے متعلق اہم خبر دے دی۔ ایک فرانسیسی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے بریڈن فریزر نے بتایا کہ نئی 'دی ممی' کی شوٹنگ اگلے روز سے شروع ہونے جا رہی ہے۔ اداکار نے فلم کی کہانی یا دیگر تفصیلات کے بارے میں زیادہ کچھ نہیں بتایا، تاہم شوٹنگ شروع ہونے کی خبر نے فرنچائز کے مداحوں میں خاصا جوش پیدا کر دیا ہے۔ نئی فلم میں فرنچائز کے کچھ پرانے چہرے بھی دوبارہ نظر آنے کی توقع ہے۔ ان میں کیون اوکونر بھی شامل ہیں، جنہوں نے 'دی ممی' میں مشہور چور بینی گیبر کا کردار ادا کیا تھا۔ کیون اوکونر نے ماضی میں فلم سے جڑا ایک دلچسپ واقعہ بھی بیان کیا تھا۔ ان کے مطابق وہ اداکار ڈینئل ڈے لوئس کے ساتھ فلم 'دیئر ول بی بلڈ' کی شوٹنگ کر رہے تھے کہ ایک مقامی بچے نے ڈینئل ڈے لوئس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا یہی شخص دی ممی میں نظر آیا تھا۔ نئی دی ممی کی سینما گھروں میں ریلیز 15 اکتوبر 2027 کو شیڈول ہے۔ بریڈن فریزر کی واپسی اور پرانے کرداروں کی ممکنہ موجودگی نے فلم کے مداحوں کی توقعات مزید بڑھا دی ہیں۔ یک مقامی بچے نے ڈینئل ڈے لوئس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا یہی شخص دی ممی میں نظر آیا تھا۔

دانیال ظفر کی نجی زندگی میں بڑی خبر، منگنی کی افواہیں زور پکڑ گئیں

دانیال ظفر کی نجی زندگی میں بڑی خبر، منگنی کی افواہیں زور پکڑ گئیں

کراچی (آن لائن) پاکستانی اداکار اور گلوکار دانیال ظفر ان دنوں اپنے ڈرامہ 'زنجیریں' کی کامیابی کے باعث خاصی توجہ حاصل کر رہے ہیں۔ اداکاری سے قبل موسیقی کے شعبے سے وابستہ رہنے والے دانیال ظفر نے ڈرامہ 'تانا بانا' کے ذریعے اداکاری کے میدان میں قدم رکھا تھا۔ تاہم اب ان کی پیشہ ورانہ زندگی کے ساتھ ساتھ نجی زندگی بھی سوشل میڈیا پر موضوع بحث بنی ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پر دانیال ظفر کی منگنی کی خبریں گردش کر رہی ہیں اور مداح ان دعوؤں کے حوالے سے مختلف شواہد تلاش کرنے میں مصروف ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ دانیال ظفر نے اپنے خاندان کے ایک قریبی دوست کی بیٹی نور فاطمہ سے منگنی کر لی ہے۔ تاہم اداکار کی جانب سے تاحال اس حوالے سے کوئی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ سوشل میڈیا پر موجود معلومات کے مطابق مبینہ طور پر دانیال ظفر اور نور فاطمہ کی منگنی کی تقریب انتہائی سادہ اور نجی نوعیت کی تھی، جس میں قریبی رشتہ داروں اور دوستوں نے شرکت کی۔ ایک انسٹاگرام پیج 'سیلیبز اسکوپ' نے بھی دانیال ظفر کی مبینہ منگنی سے متعلق معلومات شیئر کی ہیں، جس کے بعد یہ معاملہ سوشل میڈیا پر مزید زیر بحث آ گیا۔ مداح اب دانیال ظفر کی جانب سے اس حوالے سے کسی باضابطہ اعلان کے منتظر ہیں، جبکہ فی الحال ان کی منگنی سے متعلق تمام اطلاعات کو محض سوشل میڈیا رپورٹس اور دعوؤں کے طور پر ہی دیکھا جا رہا ہے۔

پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے اسپنر علی عثمان کے باہر ہونے کی وجہ بیان کر دی

عثمان ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم، اسکواڈ سے اخراج کنڈیشنز کی وجہ سے ہوا، ہیڈ کوچ مائیک ہیسن

لندن (این این آئی) پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے اسپنر علی عثمان کے باہر ہونے کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عثمان ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم، اسکواڈ سے اخراج کنڈیشنز کی وجہ سے ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے وائٹ بال کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کیلئے ان کے کوچنگ پینل کی قیادت کریں گے، انہوں نے بتایا کہ بائیں ہاتھ کے اسپنر علی عثمان سیریز سے باہر کیوں کیا گیا ہے؟ علی عثمان نے فرسٹ کلاس کیریئر کا آغاز 2016 میں کیا اور جولائی، اگست میں ویسٹ انڈیز کیخلاف دو میچوں کی سیریز میں ڈیبیو کیا۔ 33 سالہ کھلاڑی انگلینڈ کے خلاف جاری تین میچوں کی سیریز کیلئے پاکستانی اسکواڈ کا بھی حصہ تھے اور انہوں نے لیڈز کے ایجبسٹن میں افتتاحی میچ میں پانچ وکٹیں لے کر دورے کا شاندار آغاز کیا تاہم قومی ٹیم میچ ایک اننگز اور 103 رنز سے ہار گئی۔ علی عثمان نے لارڈز ٹیسٹ میں ایک وکٹ حاصل کی اور 11.4 اوورز میں 56 رنز دیئے۔ لارڈز میں 194 رنز کی شکست کے بعد عثمان ان سات کھلاڑیوں میں شامل تھے جنہیں برمنگھم میں تیسرے ٹیسٹ کیلئے پاکستانی اسکواڈ سے ریلیز کیا گیا جو 9 ستمبر کو شروع ہونا تھا۔ قائم مقام ہیڈ کوچ نے جواب میں عثمان کو ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم کیا لیکن اس بات پر اصرار کیا کہ اسکواڈ سے ان کا اخراج برطانیہ (یو کے) کی کنڈیشنز کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ 21 سالہ منہاس بھی بیٹنگ بھی کر سکتے ہیں۔

ایشین گیمز میں پاکستان 6 سے 7 ایونٹس میں میڈلز حاصل کر سکتا ہے، خالد محمود

248 رکنی دستہ شرکت کرے گا جن میں سے 93 کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اخراجات پاکستان اسپورٹس بورڈ برداشت کرے گا

لاہور (آن لائن) سیکرٹری پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن خالد محمود نے کہا ہے کہ ایشین گیمز میں پاکستان 6 سے 7 ایونٹس میں میڈلز حاصل کر سکتا ہے۔ خالد محمود نے کہا ہے کہ جاپان میں ہونے والے ایشین گیمز میں 248 رکنی دستہ شرکت کرے گا جن میں سے 93 کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اخراجات پاکستان اسپورٹس بورڈ برداشت کرے گا جبکہ 155 کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اخراجات متعلقہ فیڈریشنز، پی او اے اور کھلاڑی اپنی مدد آپ کے تحت برداشت کریں گے۔ پی او اے کے سیکرٹری خالد محمود کے مطابق سینئر وائس پریذیڈنٹ پی او اے فاطمہ لاکھانی پاکستانی دستے کی چیف ڈی مشن ہوں گی۔ خالد محمود نے ایشین گیمز میں ایتھلیٹکس، کبڈی، مینز و ویمنز کرکٹ، اسکواش، شوٹنگ، ہاکی، والی بال اور باکسنگ میں میڈلز کی امید ظاہر کی، ان کا کہنا ہے کہ پاکستان 23 ڈسپلنز میں شرکت کرے گا، جن میں 14 ڈسپلنز میں خواتین کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اپنی مدد آپ کے تحت شرکت کرنے والا کھلاڑی اگر میڈل جیتتا ہے تو اسے حکومتی انعامی رقم ملنی چاہیے۔ سیکرٹری پی او اے نے کہا ہے کہ ایشین گیمز کے لیے صدر مملکت، وزیر اعظم اور وزیر کھیل کو دعوت نامے موصول ہوئے ہیں تاہم کسی کی شرکت کی تاحال تصدیق نہیں ہوئی، جبکہ پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ڈی جی جاپان جا رہے ہیں۔ خالد محمود نے مزید کہا ہے کہ قومی کھلاڑیوں کو اینٹی ڈوپنگ کے حوالے سے لیکچرز بھی دیئے جا رہے ہیں۔

امریکا شکست کو اقتصادی دباؤ کے ذریعے زائل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ایرانی فوجی سربراہ

دشمن اقتصادی دباؤ، میڈیا آپریشنز جنگ پر مشتمل مشترکہ مہم میں کامیاب نہیں ہو سکے گا، جنرل علی عبداللہی

تہران (این این آئی) ایران کی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف میجر جنرل علی عبداللہی نے کہا ہے کہ امریکا جنگ میں شکست کو اقتصادی دباؤ اور نفسیاتی حربوں کے ذریعے زائل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایرانی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف میجر جنرل علی عبداللہی نے کہا کہ امریکا اپنی تزویراتی کمزوریوں اور میدان جنگ میں ناکامیوں کا ازالہ کرنے کے لیے جنگ کو دوسرے محاذوں تک منتقل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران ہتھیار نہیں ڈالے گا اور دشمن ایسے ملک کے خلاف اقتصادی دباؤ، میڈیا آپریشنز جنگ پر مشتمل مشترکہ مہم میں کامیاب نہیں ہو سکے گا جو قومی بنیادوں پر قائم ہے۔ جنرل عبداللہی نے واشنگٹن کی جانب سے ایران کے ہتھیار ڈالنے کی توقع کو وہم قرار دیا، جو کبھی حقیقت میں تبدیل نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 80 سال سے زائد عرصے تک امریکا اس بات کا عادی رہا ہے کہ دیگر ممالک کی جانب سے کسی انکار کا سامنا نہ کرنا پڑے، اس لیے ایران کے خلاف کارروائی سے قبل یہ فرض کر لیا گیا کہ ایرانی عوام غیر مشروط طور پر جھک جائیں گے، ایک جھوٹا خواب تھا، ایران نے واحد جواب دیا ہے اور آئندہ بھی دیتا رہے گا، وہ نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکی اور اسرائیلی دشمن اب اپنی فوجی اور علاقائی شکستوں سے پیدا ہونے والے خلا کو نرم جنگ، کارروائیوں اور اقتصادی دباؤ کے ذریعے پر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایرانی کمانڈر نے کہا کہ اللہ کے فضل سے ایرانی عوام کی ثابت قدمی اور ملک کے حکام کی دوراندیشی کے باعث واشنگٹن پہلے سے موجود ذلت آمیز شکستوں کی فہرست میں ایک اور شکست کا اضافہ کرے گا۔ جنرل علی عبداللہی نے کہا کہ ایران نے قدرت اور قومی اقتدار سے اپنی وابستگی کے ذریعے دنیا کے سامنے مزاحمت کا ایک نیا نمونہ پیش کیا ہے، مستقبل کی دنیا ماضی کی دنیا سے مختلف ہوگی اور یہ تبدیلی ناگزیر طور پر امریکی طاقت میں کمی کا باعث بنے گی۔ انہوں نے بیانیے کی جنگ کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر بھی زور دیا اور کہا کہ پہل برقرار رکھنے اور عوام کے حوصلے کو محفوظ رکھنے میں میڈیا کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔

پسوڑی کا پاکستانی موسیقی کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم، یوٹیوب پر 1 ارب ویوز کا سنگ میل عبور کر لیا

آج بھی یہ پلیٹ فارم پر علی سیٹھی اور شے گل دونوں کا سب سے زیادہ سنا جانے والا گانا ہے

کراچی (آن لائن) کوک سٹوڈیو سیزن 14 کے مقبول ترین گانے 'پسوڑی' نے پاکستانی موسیقی کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کرتے ہوئے یوٹیوب پر 1 ارب ویوز کا سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ علی سیٹھی اور شے گل کی جادوئی آواز سے سجا گانا یہ شاندار عالمی اعزاز حاصل کرنے والی پہلی پاکستانی میوزک ویڈیو بن گیا ہے۔ اس شاندار کامیابی پر کوک سٹوڈیو نے دنیا بھر میں موجود اپنے مداحوں کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے۔ اگرچہ کوک سٹوڈیو کی جانب سے حال ہی میں متعارف کروائی گئی 'نو یونیفارم' کو مداحوں کی جانب سے زیادہ پذیرائی نہیں مل سکی، لیکن اس بات پر سب متفق ہیں کہ 2022 میں ریلیز ہونے والا گانا 'پسوڑی' آج بھی لوگوں کے دلوں پر راج کر رہا ہے۔ اس گانے نے اپنی بے پناہ مقبولیت کے باعث یوٹیوب پر 1 ارب ویوز کا ہدف عبور کر لیا ہے جو اس سے قبل کسی پاکستانی میوزک ویڈیو نے حاصل نہیں کیا تھا۔ علی سیٹھی اور شے گل کا یہ روح پرور دوگانا 7 فروری 2022 کو ریلیز کیا گیا تھا۔ اس نے تقریباً 4 سال اور 7 ماہ کے عرصے میں یوٹیوب پر ایک ارب ویوز کا ہندسہ عبور کیا ہے۔ تاہم موسیقی کے حلقوں کے لیے یہ کوئی حیران کن بات نہیں ہے کیونکہ یہ گانا اپنی ریلیز کے پہلے دن سے ہی بے حد مقبول رہا ہے۔ یہ گانا اپنی ریلیز کے سال سپوٹیفائی پر سب سے زیادہ سٹریم کیا جانے والا پاکستانی گانا تھا۔ آج بھی یہ پلیٹ فارم پر علی سیٹھی اور شے گل دونوں کا سب سے زیادہ سنا جانے والا گانا ہے، جسے اب تک تقریباً 405 ملین مرتبہ سٹریم کیا جا چکا ہے۔ اس تاریخی موقع پر کوک سٹوڈیو نے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ شیئر کی جس میں ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا گیا، جنہوں نے پلے کا بٹن دبایا، ساتھ گایا اور پسوڑی کو اپنا بنا لیا۔

تیسرا ٹیسٹ، پاکستانی ٹیم کے حوالے سے مائیک ہیسن حتمی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے

انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ 9 ستمبر سے شروع ہوگا

برمنگھم (این این آئی) ایجبسٹن ٹیسٹ میں پاکستان کی 11 رکنی ٹیم کے حوالے سے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن تاحال کسی حتمی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے۔ انگلینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ 9 ستمبر سے شروع ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سرفراز احمد کی جگہ عارضی طور پر قومی ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن 2 دن کی پریکٹس کے بعد تاحال ابھی اس نتیجے پر نہیں پہنچے کہ کس کمبینیشن کے ساتھ 11 رکنی ٹیم میدان میں اتارنا چاہیے۔ لارڈز ٹیسٹ میں چوتھے دن 194 رنز کی شکست کے بعد بورڈ نے ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے اسکواڈ سے 7 کھلاڑیوں کو ڈراپ کر دیا تھا، جس کے نتیجے میں لارڈز ٹیسٹ کھیلنے والی 11 رکنی ٹیم سے وکٹ کیپر محمد رضوان، اوپنر امام الحق، فاسٹ بولر خرم شہزاد اور اسپنر علی عثمان کی تبدیلی یقینی ہے، تاحال اطلاعات کے مطابق برمنگھم پہنچنے کے بعد 2 دن کی پریکٹس میں کوچ مائیک ہیسن تاحال ابھی یہ فیصلہ نہیں کر سکے کہ کن 11 کھلاڑیوں کو میدان میں اتارنا چاہیے۔ وکٹ کیپر غازی غوری کے حوالے سے تقریباً طے ہے کہ وہ ایجبسٹن میں ڈیبیو کریں گے، 24 سالہ بائیں ہاتھ کے اوپنر صائم ایوب جنہوں نے آخری ٹیسٹ جنوری 2025 میں جنوبی افریقا کے خلاف کیپ ٹاؤن میں کھیلا تھا، اذان اویس کے ساتھ اننگز کا آغاز کرنے کے حوالے سے مضبوط امیدوار ہیں تاہم بائیں ہاتھ کے اسپنر ساجد خان اسکواڈ سے ڈراپ ہونے والے علی عثمان کی غیر موجودگی میں تجربے کار بولر ہیں۔ ذرائع کے مطابق ممکن ہے کہ مائیک ہیسن ان پر 3 ون ڈے اور 4 ٹی 20 کھیلنے والے بائیں ہاتھ کے اسپن بولنگ آل راؤنڈر 21 سالہ عرفات منہاس کو ترجیح دیں، اسی طرح اگست 2026 میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پورٹ آف اسپین میں ٹیسٹ ڈیبیو کرنے والے 20 سالہ دائیں ہاتھ کے تیز بولر عبید شاہ بھی کیریئر کا دوسرا ٹیسٹ کھیلنے کے حوالے سے مضبوط امیدوار ہیں۔

یوم دفاع پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد شہدا کی یادوں کو تازہ کرتا ہے، میجر جنرل محمد اکرم ساہی

ملک پاکستان اور وطن عزیز کی سلامتی کے لئے دی جانے والی شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، گفتگو

لاہور (این این آئی) ایشیا ایتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر اور چیئرمین ساؤتھ ایشین ایتھلیٹکس فیڈریشن میجر جنرل محمد اکرم ساہی نے کہا ہے کہ یوم دفاع پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد شہدا کی یادوں کو تازہ کرتا ہے۔ ملک پاکستان اور وطن عزیز کی سلامتی کے لئے دی جانے والی شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گے۔ یوم دفاع پاکستان کے دن کے موقع پر کھلاڑیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر کھیلوں کے مقابلے منعقد کروانے کا مقصد یہ ہے کہ اپنے شہدا کی یادوں اور قربانیوں کو یاد رکھنا ہوتا ہے۔ میجر جنرل اکرم ساہی نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہمیں وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور آزادی کے لئے دی گئی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے شہدا اور غازیوں کو خراج تحسین اور عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم عہد کریں کہ اتحاد، نظم و ضبط، حب الوطنی اور یکجہتی کے ذریعے پاکستان کو مضبوط، خوشحال اور ناقابل تسخیر بنائیں گے۔ آخر پر میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی نے شہیدوں، غازیوں، محافظوں اور پاکستان کو سلام پیش کیا۔ اس حوالے سے ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد ہمارے شہدا کی ملک پاکستان کے لئے قربانیوں اور خدمات کو یاد رکھنا ہے انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی، ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ ملک پاکستان کے دفاع کے لئے جانوں کا نذرانہ دینے والے شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

ترکیے نے آئندہ 3 سالوں کیلئے دفاعی اخراجات میں 229 فیصد اضافہ کر دیا

مہنگائی میں کمی کا رجحان شروع ہو چکا ہے، مہنگائی کے خلاف جنگ میں حکومت نے نمایاں پیشرفت کی، ترک نائب صدر

انقرہ (این این آئی) ترکیے نے نئے درمیانی مدت کے معاشی منصوبے کے تحت دفاعی اخراجات میں 229 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ ترک میڈیا کے مطابق نائب صدر جودت یلماز نے 2027 سے 2029 تک تین سال کے لیے ملک کا معاشی منصوبہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ دفاعی صنعت میں ہمارا مقصد ایسا ترکیے بنانا ہے جو اپنی ٹیکنالوجی خود تیار کرے اور پیداوار میں اضافہ کرے، ہم دفاعی اخراجات میں 229 فیصد اضافہ کر رہے ہیں۔ ترک نائب صدر کا کہنا تھا کہ مہنگائی میں کمی کا رجحان شروع ہو چکا ہے، مہنگائی کے خلاف جنگ میں حکومت نے نمایاں پیشرفت کی ہے۔ جودت یلماز نے مزید کہا کہ عالمی خطرات ترک معیشت کو متاثر کر رہے ہیں، عالمی معیشت حالیہ عرصے میں ایک ایسے نئے دور میں داخل ہو گئی ہے جہاں معاشی، تکنیکی اور جغرافیائی سیاسی تبدیلیاں ایک دوسرے سے جڑ گئی ہیں۔ خیال رہے کہ حال ہی میں ترک بحریہ نے اعلان کیا تھا کہ ترکیہ کا پہلا طیارہ بردار بحری جہاز 27 ستمبر 2027 کو سمندر میں اتارا جائے گا۔ ترک بحریہ کے کمانڈر ایڈمرل ارجومن اوغلو کے مطابق طیارہ بردار جہاز کی تعمیر کا کام اچھی رفتار سے جاری ہے۔ یہ ایک طیارہ بردار جہاز ہوگا جو ایک ہی وقت میں بغیر پائلٹ کے طیارے اڑا سکے گا اور اپنے اندر سے بغیر پائلٹ کی بحری اور زیر آب گاڑیوں کی بھی تعینات کر سکے گا۔ اس طرح ہم دنیا کا پہلا ملک بن جائیں گے جو اس نوعیت کا طیارہ بردار بحری جہاز چلائے گا۔ ہم دفاعی اخراجات میں 229 فیصد اضافہ کر رہے ہیں۔ ترک نائب صدر کا کہنا تھا کہ مہنگائی میں کمی کا رجحان شروع ہو چکا ہے، مہنگائی کے خلاف جنگ میں حکومت نے نمایاں پیشرفت کی ہے۔

کامیڈین اداکار لہری کی 14 ویں، اداکار کمال ایرانی کی 3 ویں برسی 13 ستمبر کو منائی جائیگی

سفیر اللہ المعروف لہری نے فلمی کیریئر کا آغاز 50 کی دہائی میں کیا، 30 سال تک جاری رہا

لاہور (این این آئی) نامور کامیڈین لیجنڈ اداکار لہری کی برسی 14 ویں اور فلم اور ٹی وی کے اداکار کمال ایرانی کی 37ویں برسی 13 ستمبر کو منائی جائے گی۔ سفیر اللہ المعروف لہری نے فلمی کیریئر کا آغاز 50 کی دہائی میں کیا جو 30 سال تک جاری رہا۔ انہوں نے تین سو سے زائد فلموں میں کام کیا، مزاحیہ اداکاری میں بھی منفرد انداز کے مالک رہے۔ اداکار لہری نے نگار فلمی ایوارڈ سمیت درجنوں ایوارڈ حاصل کیے، ان کی آخری فلم دھنک 1986 میں ریلیز ہوئی۔ انہوں نے انسان بدلتا ہے، رات کے راہی، فیصلہ، جوکر، آگ، تم ملے پیار ملا، بہادر، نوکر، بہاریں پھر بھی آئیں گی، افشاں اور رم جھم سمیت کم و بیش سو فلموں میں کام کیا۔ لہری پر سب سے پہلے 1985 میں بیرون ملک فلم کی شوٹنگ کے دوران فالج کا ایک حملہ ہوا، پھر قوت بینائی میں بھی کمی آنے لگی، اس طرح وہ فلمی دنیا سے آہستہ آہستہ کنارہ کش ہوتے چلے گئے۔ لہری 13 ستمبر 2012 کو کراچی میں وفات پا گئے۔ فلم اور ٹی وی کے اداکار کمال ایرانی 5 اگست 1932 کو پیدا ہوئے، ان کا اصل نام کمال الدین صفوی تھا۔ کراچی کمال ایرانی کی جائے پیدائش بھی تھا اور یہیں کمال ایرانی کو پہلی مرتبہ فلم میں کردار نبھانے کا موقع ملا تھا۔ کمال ایرانی نے اپنے فلمی سفر کا آغاز چراغ جلتا رہا سے کیا تھا اور یہ فلم 196 میں ریلیز ہوئی تھی۔ ان کے علاوہ فلم چراغ جلتا رہا نے فلمی صنعت کو محمد علی، زیبا اور دیبا جیسے مایہ ناز فنکار دیے۔ اپنے فنی سفر میں لگ بھگ ڈھائی سو فلموں میں کام کرنے والے کمال ایرانی نے اردو، پنجابی، سندھی اور پشتو زبانوں میں بننے والی فلمیں بھی کیں اور شائقین سینما کو اپنی پرفارمنس سے متاثر کیا۔ ان کی اصل وجہ شہرت 1964 کی فلم ہیرا اور پتھر بنی۔ فلم بینوں نے کمال ایرانی کو مثبت اور سنجیدہ کرداروں کے علاوہ ولن کے روپ میں بھی دیکھا اور پسند کیا۔ انہیں اپنے وقت کے مقبول ترین اداکاروں محمد علی، وحید مراد، ندیم، سدھیر، زیبا، دیبا، شمیم آرا، اور دیگر کے ساتھ اداکاری کے جوہر دکھانے کا موقع ملا۔ بعد میں کمال ایرانی نے ٹی وی کے ڈراموں میں بھی اداکاری کی اور چھوٹی اسکرین کے ناظرین کو بھی اپنی اداکاری سے محظوظ کیا۔

ایشین گیمز میں پاکستان 6 سے 7 ایونٹس میں میڈلز حاصل کر سکتا ہے، سیکرٹری پی او اے

ایشین گیمز میں 248 رکنی دستہ شرکت کرے گا جن میں سے 93 کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اخراجات پاکستان اسپورٹس بورڈ برداشت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن خالد محمود نے کہا ہے کہ ایشین گیمز میں پاکستان 6 سے 7 ایونٹس میں میڈلز حاصل کر سکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں خالد محمود نے کہا کہ جاپان میں ہونے والے ایشین گیمز میں 248 رکنی دستہ شرکت کرے گا جن میں سے 93 کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اخراجات پاکستان اسپورٹس بورڈ برداشت کرے گا جبکہ 155 کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اخراجات متعلقہ فیڈریشنز، پی او اے اور کھلاڑی اپنی مدد آپ کے تحت برداشت کریں گے۔ پی او اے سیکرٹری خالد محمود کے مطابق سینئر وائس پریذیڈنٹ پی او اے فاطمہ لاکھانی پاکستانی دستے کی چیف ڈی مشن ہوں گی۔ خالد محمود نے ایشین گیمز میں ایتھلیٹکس، کبڈی، مینز و ویمنز کرکٹ، اسکواش، شوٹنگ، ہاکی، والی بال اور باکسنگ میں میڈلز کی امید ظاہر کی، انہوں نے کہا کہ پاکستان 23 ڈسپلنز میں شرکت کرے گا، جن میں 14 ڈسپلنز میں خواتین کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اپنی مدد آپ کے تحت شرکت کرنے والا کھلاڑی اگر میڈل جیتتا ہے تو اسے حکومتی انعامی رقم ملنی چاہیے۔ سیکرٹری پی او اے نے کہا ہے کہ ایشین گیمز کے لیے صدر مملکت، وزیر اعظم اور وزیر کھیل کو دعوت نامے موصول ہوئے ہیں تاہم کسی کی شرکت کی تاحال تصدیق نہیں ہوئی، جبکہ پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ڈی جی جاپان جا رہے ہیں۔ خالد محمود نے مزید کہا کہ قومی کھلاڑیوں کو اینٹی ڈوپنگ کے حوالے سے لیکچرز بھی دیئے جا رہے ہیں، سیکرٹری پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے بھی کہا ہے کہ کھلاڑیوں کو سال میں 3 مرتبہ اینٹی ڈوپنگ کے حوالے سے لیکچرز اور سیمینارز دیئے جاتے ہیں، جبکہ ایشین گیمز کے لیے خصوصی ورکشاپ بھی کرائی جا رہی ہے۔

پی ایس ایل کا اگلا ایڈیشن متوقع شیڈول سے پہلے کرانے کی تجویز

لندن میں ہونے والے پی ایس ایل کی گورننگ کونسل کے اجلاس میں پی ایس ایل کے اگلے ایڈیشن سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی آٹھوں فرنچائزز کے مالکان نے اگلے سال ٹورنامنٹ کو جنوری میں منعقد کرنے کی تجویز پر غور کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق لندن میں ہونے والے پی ایس ایل کی گورننگ کونسل کے اجلاس میں پی ایس ایل کے اگلے ایڈیشن سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق وائی کونسل نے اپریل اور مئی کے دوران محدود اشتہاری آمدنی کے خدشات کے باعث پی ایس ایل کو جنوری میں منتقل کرنے کی تجویز پیش کی۔ فرنچائز مالکان نے اس معاملے پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ ٹورنامنٹ کسی بھی وقت منعقد ہو، کیا انہیں براڈ کاسٹ آمدنی میں اپنا حصہ مکمل طور پر ملے گا؟ خاص طور پر ٹی وی رائٹس سے توقعات کے مطابق آمدنی حاصل نہ ہونے کے باعث اشتہاری آمدنی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ پی ایس ایل کے موجودہ معاہدے کے تحت تمام فرنچائزز کو مرکزی ریونیو پول سے حاصل ہونے والی براڈ کاسٹ آمدنی کا 95 فیصد ملتا ہے۔ پی ایس ایل کے پہلے تو ایڈیشنز فروری اور مارچ کے دوران کھیلے گئے تھے۔ تاہم 2025 میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اور رواں سال ٹی 20 ورلڈ کپ کے باعث گزشتہ دو سیزنز کے لیے ٹورنامنٹ کو اپریل اور مئی میں منتقل کیا گیا۔ اس کے نتیجے میں پی ایس ایل بھارت پریمیئر لیگ (IPL) کے ساتھ بیک وقت کھیلی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پی ایس ایل کو آئی پی ایل کے ساتھ منعقد کرنے کا ایک فائدہ یہ رہا کہ غیر ملکی کھلاڑی مسلسل دستیاب رہے، ماضی میں دنیا بھر میں ہونے والی دیگر 20 لیگز کے ساتھ ٹکراؤ کے باعث کھلاڑیوں کی دستیابی ایک مسئلہ رہی تھی تاہم جنوری فروری کی ونڈو میں واپسی سے یہ مسئلہ دوبارہ جنم لے سکتا ہے کیونکہ اس دوران پی ایس ایل کو جنوبی افریقہ کی SA20 اور آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ کے ساتھ غیر ملکی کھلاڑیوں کے حصول کے لیے مشکل ہو سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جنوری میں پی ایس ایل کے انعقاد سے پی سی بی کو انتظامی اور موسمی مشکلات کا بھی سامنا ہو سکتا ہے، کیونکہ پنجاب میں جنوری اور فروری موسم سرما کے سخت ترین مہینوں میں شمار ہوتے ہیں۔

☆ بقیہ صباء 1 ☆

ہوں۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے حوثیوں کے سعودی عرب پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان پر بھی حملہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں نئے صوبوں کے بجائے انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث ہونی چاہیے، جبکہ اٹھارہویں ترمیم کے تحت اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بحث میں کہیں بھی صوبوں کا لفظ استعمال نہیں ہو رہا بلکہ انتظامی یونٹس کی بات کی جا رہی ہے، نہیں معلوم کہ صوبوں کا لفظ کہاں سے آیا۔انہوں نے کہا بعض افراد کو پنجاب میں مزید صوبے بننے پر اعتراض نہیں لیکن اپنے اپنے علاقوں میں صوبے بننے پر اعتراض ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے انتظامی یونٹس کے معاملے پر ابھی تک کوئی متفقہ اجلاس کر کے رائے کا اظہار نہیں کیا، تاہم پارٹی رہنماؤں کی انفرادی آرا سامنے آرہی ہیں۔وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ وہ خود بھی طویل عرصے سے اس بات کے حامی ہیں کہ اٹھارہویں ترمیم میں کی گئی اختیارات کی منتقلی پر عملدرآمد ہونا چاہیے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ اسے مزید مضبوط کیا جائے تاکہ اختیارات ضلعی اور شہری حکومتوں کو منتقل ہوسکیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم کی اصل روح اور اسپرٹ پر عملدرآمد ہونا چاہیے، تاہم وقت کے ساتھ اسے مزید مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔اسلام آباد کو صوبہ بنانے سے متعلق سوال پر وزیر دفاع نے کہا کہ اسلام آباد کو صوبہ بنانے کے بجائے اسے وفاقی علاقہ ہی رکھا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا دنیا کے کئی ممالک میں وفاقی علاقے موجود ہیں، واشنگٹن بھی وفاقی علاقہ ہے، اسی طرح اسلام آباد کو وفاقی علاقہ رکھا جاسکتا ہے اور ممکن ہے مزید ایک دو وفاقی علاقے بھی بنائے جائیں جو براہ راست وفاق کے زیر انتظام ہوں۔

☆ بقیہ صباء 2 ☆

ساتھ مزاحمت جاری رکھے گا۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران ہمیشہ جنگ کی مخالفت کرتا رہا ہے اور عوام کے مفادات اور خطے کی سلامتی کے لیے تنازع شروع کرنے سے گریز کو ضروری سمجھتا ہے۔ایرانی صدر نے تاہم کہا کہ جس طرح ایران نے اب تک جارحیت کے خلاف بھرپور دفاع کیا ہے، اسی طرح وہ آئندہ بھی پوری طاقت کے ساتھ مزاحمت جاری رکھے گا اور ایرانی عوام کے حقوق کا محافظ رہے گا۔پزشکیان نے اپنے بیان میں اس بات پر زور دیا کہ ایران جنگ کا خواہاں نہیں، تاہم کسی بھی جارحیت کے مقابلے میں اپنے دفاع اور قومی مفادات کے تحفظ سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔

☆ بقیہ صباء 3 ☆

نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر حاجی خلیل الرحمان اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک کہنہ مشق اور باوقار صحافی تھے، جنہوں نے طویل عرصے تک صحافت کے شعبے میں اپنی خدمات انجام دیں۔ان کی وفات صحافتی برادری کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔وزیراعلیٰ نے مرحوم کے اہل خانہ اور صحافتی برادری سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے وزیراعلیٰ نے سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے صحافت اور فوٹو جرنلزم کے شعبے میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے نمایاں خدمات انجام دیں۔ان کی وفات صحافتی برادری بالخصوص فوٹو جرنلزم کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔وزیراعلیٰ نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

☆ بقیہ صباء 4 ☆

بہتری آئے گی۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد پولیس کو 50 الیکٹرک گاڑیوں کی حوالگی کی تقریب میں شرکت کی، اسلام آباد پولیس کو جدید، محفوظ اور ماحول دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے 50 الیکٹرک گاڑیاں فراہم کر دی گئیں۔ اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے الیکٹرک گاڑیوں کی چابیاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کے حوالے کیں۔وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور وزیر مملکت طلال چوہدری سمیت متعلقہ حکام نے تقریب میں شرکت کی۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت اسلام آباد پولیس کو جدید پولیسنگ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہی ہے۔وزیراعظم نے اسلام آباد پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی کارکردگی کو سراہا۔وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کو ملک کے دیگر شہروں کیلئے رول ماڈل ہونا چاہیے، وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے پولیس کو جدید ٹیکنالوجی، ساز وسامان اور دیگر ضروری وسائل سے لیس کیا جا رہا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کو فراہم کی جانے والی نئی الیکٹرک گاڑیوں کا مقصد پولیسنگ کے نظام میں ماحول دوست اور گرین پولیسنگ کو فروغ دینا ہے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے پولیس کی کارکردگی اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی خدمات میں مزید بہتری آئے گی۔اس موقع پر انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس نے وزیراعظم کو اسلام آباد پولیس کی جانب سے وفاقی دارالحکومت کی سکیورٹی کے لیے قائم کی گئی نئی فورس "کیپٹل پٹرول" کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔وزیراعظم کو بتایا گیا کہ نئی فورس وزیراعظم کے محفوظ، سمارٹ اور گرین کیپٹل کے وژن کے تحت تشکیل دی گئی ہے، کیپٹل پٹرول فورس میں مجموعی طور پر 200 پولیس اہلکار شامل ہوں گے۔کیپٹل پٹرول فورس کے ہر پٹرول یونٹ میں ایک مرد اور ایک خاتون پولیس اہلکار تعینات ہوں گے۔فورس میں موٹر سائیکل سوار پولیس اہلکار بھی شامل ہوں گے تاکہ مختلف علاقوں میں فوری رسپانس اور مؤثر گشت کو یقینی بنایا جا سکے۔وزیراعظم کو بتایا گیا کہ کیپٹل پٹرول فورس کے تمام اہلکاروں کو باڈی کیمروں سے لیس کیا جائے گا جس سے پولیسنگ کے عمل میں شفافیت، نگرانی اور جوابدہی کو مزید مؤثر بنایا جاسکے گا۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ کیپٹل پٹرول فورس کے لیے 50 الیکٹرک گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں۔تمام گاڑیاں بجلی سے چلتی ہیں، جس سے ایندھن کے اخراجات میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ ماحول پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔وزیراعظم کو بتایا گیا کہ نئی الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال سے ایندھن کی مد میں ماہانہ تقریباً 3 کروڑ 40 لاکھ روپے کی بچت ہوگی، جبکہ ایک گاڑی کی لاگت تقریباً ساڑھے دس ماہ میں ایندھن کی بچت سے پوری ہو جائے گی۔وزیراعظم نے اسلام آباد پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، گرین پولیسنگ کے فروغ اور شہریوں کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور ہدایت کی کہ جدید پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

☆ بقیہ صباء 5 ☆

کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان اپنے قدیم تہذیبی ورثے، تاریخی مقامات، طویل ساحلی پٹی اور نایاب پرندوں و جانوروں کے باعث دنیا بھر کے سیاحوں کیلئے ایک پرکشش مقام رکھتا ہے۔صوبے میں سیاحت اور ثقافت کو منظم انداز میں فروغ دیکر نہ صرف سرمایہ کاری کو راغب کیا جاسکتا ہے بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔گورنر مندوخیل نے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری پر زور دیا کہ ثقافت اور سیاحت کے فروغ کے ساتھ ساتھ بلوچستان کی مادری زبانوں، شعراء، ادباء، دانشوروں اور ذاکروں کی حوصلہ افزائی کیلئے باقاعدگی سے سیمینارز اور ثقافتی پروگراموں کا انعقاد کیا جائے۔ہم نے اپنے تمام سیاسی کیریئر میں پارلیمانی سیاست کے ساتھ ساتھ شعر، ادب اور میڈیا سے وابستہ افراد کے ساتھ روز اول سے خوشگوار تعلقات قائم رکھے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ ان شعبوں سے وابستہ افراد کے خوشی اور مشکل دونوں وقتوں میں ان کے ساتھ کھڑے رہتے ہیں اور ہر ممکن ان کی معاونت بھی کرتے رہتے ہیں۔گورنر بلوچستان نے گزشتہ سال اسلام آباد میں بلوچستان گرینڈ ٹورازم فیسٹیول کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ایک تعمیری کاوش تھی۔ ایسے گرینڈ فیسٹیولز کا انعقاد وقتاً فوقتاً جاری رہنا چاہیے تاہم ان پروگراموں کو مزید مؤثر بنانے کیلئے مقامی ٹی وی آرٹسٹوں، گلوکاروں، شعراء اور ادباء کو بھرپور انداز میں شامل کیا جائے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس قیمتی ورثے کو محفوظ رکھنے کے ساتھ اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے نوجوان نسل اور عالمی برادری کے سامنے مؤثر انداز میں سامنے لایا جائے۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بھی ملاقات کی، جس میں صوبے میں صحت عامہ کی مجموعی صورتحال، صحت کے مراکز کی کارکردگی، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات خصوصاً ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ انفارمیشن سسٹم پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کسی بھی وزارت میں نئی اصلاحات متعارف کرانا متعلقہ وزیر اور ان کی پوری ٹیم کی بصیرت، موجودہ حالات کا ادراک اور مستقبل قریب کی ضروریات سے آگاہی کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ انفارمیشن سسٹم کا نفاذ پورے نظام صحت کو مضبوط، منظم اور جدید بنیادوں پر استوار کرنے کے مترادف ہے۔گورنر نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن سینٹرز کے قیام اور ضلعی سطح پر ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت، لیبر روم اور دیگر طبی سہولیات کی فعالیت کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مانیٹر کرنا ایک اہم پیش رفت ہے۔گورنر نے کہا کہ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے صرف صوبائی وسائل پر انحصار کافی نہیں بلکہ اقوام متحدہ کے اداروں سمیت دیگر انٹرنیشنل اداروں کی معاونت، تکنیکی رہنمائی اور استعداد کار بڑھانے کے پروگراموں سے بھی استفادہ کرنا ضروری ہے

☆ بقیہ صباء 6 ☆

کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔جنگ ستمبر 1965ء کے دوران پاک بحریہ نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، بہادری اور عزم کا بھرپور مظاہرہ کیا، جبکہ آپریشن دوارکا کو پاک بحریہ کی تاریخ میں خصوصی اہمیت حاصل ہے۔صدر آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ وہ پاکستان نیوی کے افسران، سیلرز اور سویلینز کی بہادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 7 اور 8 ستمبر 1965ء کی شب کیا جانے والا آپریشن سومناتھ پاک بحریہ کی شاندار تاریخ میں بہادری اور عزم کی روشن مثال ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ مئی 2025ء میں ہونے والے معرکہ حق کے دوران بھی پاکستان نیوی نے اہم کردار ادا کیا اور اپنی اعلیٰ آپریشنل تیاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے بھارتی بحریہ کو مؤثر انداز میں روکے رکھا۔پاک بحریہ نے ملکی بحری مفادات کے تحفظ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے دوران آپریشن محافظ البحر کے ذریعے پاکستان کی توانائی سلامتی کو یقینی بنانے میں بھی پاک بحریہ نے اہم کردار ادا کیا۔پاکستان نیوی جدید تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو مسلسل بہتر اور جدید بنا رہی ہے، جبکہ ہنگور کلاس آبدوزوں، جدید جنگی جہازوں، طیاروں اور بغیر پائلٹ نظام کی شمولیت اس سلسلے میں اہم پیش رفت ہے۔آصف علی زرداری نے کہا کہ پاک بحریہ نہ صرف ملک کے سمندری مفادات کا تحفظ کر رہی ہے بلکہ علاقائی امن کے قیام میں بھی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔امن مشقوں اور امن مذاکرات کے ذریعے پاک بحریہ عالمی تعاون کے فروغ میں بھی معاونت کر رہی ہے، جبکہ قدرتی آفات اور ہنگامی حالات میں بھی یہ ایک قابل اعتماد ادارے کے طور پر فوری امدادی کارروائیوں میں حصہ لیتی ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ ریاست مسلح افواج کی جدید کاری اور استعداد کار میں اضافے کے لیے پرعزم ہے۔انہیں پاکستان نیوی کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تکنیکی برتری پر مکمل اعتماد ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاک بحریہ آئندہ بھی بہادری، وقار اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ملکی سمندری حدود اور قومی بحری مفادات کا تحفظ جاری رکھے گی۔

☆ بقیہ صباء 7 ☆

انضمام نہیں ہونا چاہیے، ہم نے کہا، دو تین آپشنز ہیں، یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی، یہ فاٹا کے عوام کے سیاسی مستقبل کا مسئلہ ہے، لہٰذا فاٹا کے عوام سے پوچھ لیا جائے، ان کی منشاء سے فیصلہ کیا جائے، لیکن آپ نے ان پر تھوپ دیا، آج اس کا کیا حشر ہے؟ اس وقت باجوہ صاحب تھے، جو مجھے کہتے تھے کہ آپ کیوں اس کی مخالفت کرتے ہیں؟ یہ تو ہمارے لیے ضروری ہے اور جب میں نے ان کو جوابات دیئے تو چند روز کے بعد مجھے ایک امریکی افسر گھر آ کر ملا اور اس نے کہا کہ آپ کیوں فاٹا انضمام کی مخالفت کرتے ہیں؟ یہ تو ضروری اور لازمی ہے، آج مجھے کہا جاتا ہے کہ فاٹا انضمام کا فیصلہ غلط تھا۔انہوں نے کہا کہ ایک فیصلہ تو خدا کے بندو، جو تم نے کیا ہو اور اس کے نتائج قوم کی مخالفت میں سامنے آئے ہوں تو ایسا کیوں کرتے ہو؟ آخر لوگوں سے پوچھو۔ یہ وہ ساری چیزیں ہیں جن پر ہم کہتے ہیں جس پر ہم کہتے ہیں بحث کرنی چاہیے، یکطرفہ آپ کوئی فیصلہ مسلط نہ کریں، یہ ملک عوام کا ملک ہے، یہاں عوام نے رہنا ہے، عوام کا مستقبل اس سے وابستہ ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم کے پیچھے کیا مفادات ہیں؟ صوبوں کے اندر جو معدنی ذخائر ہیں، آئین کی اٹھارویں ترمیم کے تحت صوبے اس کے مالک ہیں، صوبوں کے بچے اس کے مالک ہیں اور یہ چیز انہیں مرکز میں ہضم نہیں ہو رہی ہے۔دوسری چیز کہ این ایف سی ایوارڈ، قومی محصولات کا جو حصہ صوبوں کو ملتا ہے، وہ اب 57.5 فیصد تک پہنچ گیا ہے اور آئین کہتا ہے کہ اضافہ ہوسکتا ہے، کمی ہی نہیں ہوسکتی، یہ ان کو ہضم نہیں ہو رہا، اب صوبے تقسیم کرتا کہ از سر نو پھر ہم معدنیات کے فیصلے بھی پھر سے کریں اور این ایف سی ایوارڈ کے فیصلے بھی پھر سے کریں، تو ہم تو صوبوں کو طاقتور دیکھنا چاہتے ہیں اور آپ سب کو کنٹرول کرنا چاہتے ہیں۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ اس حوالے سے سیاسی جماعتوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پیپلز پارٹی بات تو کرتی ہے لیکن وہ صرف سندھ کی حد تک کرتی ہے، اصولی طور پر بات کریں۔ مسلم لیگ (ن) خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے۔مسئلہ مرکز میں حکومت مسلم لیگ (ن) کی ہے اور اتنے بڑے قومی سطح کے معاملات کا کے حوالے ہیں۔اسلام آباد میٹرپٹی کے لیے دو کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں، ایک کمیٹی میں بھی کا کا جی، دوسرے میں بھی کا کا جی، ایک کی رپورٹ کچھ، دوسری کی رپورٹ کچھ، اس میں تضادات ہیں۔(ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم صوبے بنانے کے خلاف نہیں، صوبے یا یونٹس بنانے پر بحث ہونی چاہیے، وقت اور حالات دیکھ کر فیصلہ کرنا چاہیے، سیاسی جماعتوں کو اس میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی صرف سندھ کی حد تک بات کرتی ہے، مسلم لیگ (ن) اس معاملے پر خاموش ہے۔انہوں نے کہا کہ دو قومی نظریے کی بنیاد پر ایک قوم نہیں بنا سکے، یہاں لسانیت کی بنیاد پر فسادات کرائے گئے، ہم نے پاکستان کی اساس بیرونی قرضوں پر رکھی ہے، تو آبادیاتی نظام ختم ہو چکا لیکن بین الاقوامی ادارے آج ہمارے ملک کا فیصلہ کرتے ہیں، آج ہم ورلڈ بینک، آئی ایم ایف کے قرضوں کے محتاج بنا دیئے گئے، ہماری معیشت کی پالیسیاں وہ طے کریں تو یہ نو آبادیاتی نظام کی ہی ایک شکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عوام کا ملک ہے یہاں عوام نے رہنا ہے، ملک امن و امان سے طاقتور ہوتا ہے، یہاں تقسیم در تقسیم ہے، امت مسلمہ کو تقسیم کیا جا رہا ہے۔ہم پاکستان کے غریب انسان کو عزت کی زندگی دینا چاہتے ہیں، اشرافیہ کی سیاست اور جابرانہ سیاست نہیں چلے گی، طاقت کی بنیاد پر مسلط ہونے کی سیاست نہیں چلے گی، ہم نے توہین رسالت کے قانون کے خلاف تمام تحریکوں کو ناکام بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ طاقت کی بنیاد پر مسلط ہونے کی سیاست نہیں چلے گی۔

☆ بقیہ صباء 8 ☆

چاہئے اور طاقت کے استعمال اور جارحیت کا مقابلہ کرنا چاہئے۔ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق عراقچی نے او آئی سی کے سیکریٹری جنرل مقرر ہونے پر حسین ابراہیم کو مبارکباد دی اور ان کے نئے منصب میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے سیکریٹری جنرل اسلامی دنیا کو درپیش حالات اور چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد اور باہمی رابطے کو فروغ دینے میں تنظیم کی صلاحیتوں کو مؤثر انداز میں بروئے کار لائیں گے۔عباس عراقچی نے او آئی سی کے سیکریٹری جنرل کو امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف جارحیت کے بعد خطے کی تازہ صورتحال سے آگاہ کیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اسلامی ممالک کو ایران کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی پر ذمہ دارانہ ردعمل دینا چاہئے اور طاقت کے استعمال اور جارحانہ اقدامات کا مقابلہ کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔

☆ بقیہ صباء 9 ☆

کی قیمتیں بہت تیزی سے نیچے آئیں گی اور امریکی صارفین کیلئے پٹرول کی قیمت تقریباً 3 ڈالر فی گیلن تک پہنچ سکتی ہے، جبکہ بالآخر یہ 2 ڈالر فی گیلن سے بھی کم ہوسکتی ہے۔امریکی صدر نے یہ بھی کہا کہ ایران مستقبل میں جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکے گا۔ان کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران جنگ اور آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث عالمی تیل کی منڈی دباؤ کا شکار ہے۔حالیہ کشیدگی کے دوران عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں بلند ہوئی ہیں اور مارکیٹ میں سپلائی کے حوالے سے خدشات برقرار ہیں، برینٹ خام تیل کی قیمت حالیہ دنوں میں 98 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ گئی ہے۔ٹرمپ کا کہنا ہے کہ جنگ کے خاتمے کے بعد صورتحال تیزی سے معمول پر آ جائے گی، تاہم ان کی جانب سے پٹرول کی قیمت 2 ڈالر فی گیلن سے نیچے آنے کی پیشگوئی ایک سیاسی دعویٰ ہے، جس کا عملی انحصار عالمی تیل کی سپلائی، جنگ کے خاتمے اور مارکیٹ کی صورتحال پر ہوگا۔

☆ بقیہ صباء 10 ☆

قانونی آئین میں ترمیم کرنے سے روک پائیں گے۔اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کے گھر فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، طے ہوا تھا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں مل کر اپوزیشن کا کردار ادا کرنا ہے، متحدہ اپوزیشن کے باہمی تعلق کو بڑھانے پر بات چیت کی، امید ہے سینیٹ میں زندہ طاقتور کردار ادا کریں گے۔جے یو آئی ف کے پارلیمانی لیڈر مولانا عطاء الرحمن نے کہا کہ مشترکہ اجلاس میں تمام امور پر بات چیت کی گئی تھی۔ پارلیمنٹ کی حد تک ایک دوسرے کو سپورٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن ایک نظر آئے گی۔ آئندہ چند دنوں میں متحدہ اپوزیشن کا اجلاس بلا کر مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا جائے گا۔اب تک اپوزیشن کے طور پر حکومت کو ٹف ٹائم نہیں دے سکے۔اب کوشش ہوگی کہ بطور اپوزیشن حکومت کو ٹف ٹائم دیں اور اشوز پر بات کریں۔امید ہے متحدہ اپوزیشن کے طور پر حکومت کو غیر قانونی آئین میں ترمیم کرنے سے روک پائیں گے۔

☆ بقیہ صباء 11 ☆

کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا۔اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں، پاکستان خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور سعودی عرب کے برادر عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اس نوعیت کے بزدلانہ اور مذموم حملے نہ صرف بے گناہ انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہیں بلکہ علاقائی امن و سلامتی کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔شہباز شریف نے سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔

☆ بقیہ صباء 12 ☆

نے ہفتہ وار پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری گزرگاہ کے تعین سے متعلق بات چیت حتمی مرحلے میں پہنچ چکی ہے، غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسماعیل بقائی نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والی مفاہمت کو آئندہ چند روز میں عالمی میری ٹائم آرگنائزیشن کے پاس بھی رجسٹر کرائے جانے کا امکان ہے۔انہوں نے آبنائے ہرمز میں موجودہ کشیدہ صورتحال کی وجہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف فوجی جارحیت اور ناکہ بندی کو قرار دیا۔اسماعیل بقائی کا مزید کہنا تھا کہ جب تک موجودہ صورتحال برقرار رہتی ہے بحری جہاز اس راستے سے مکمل اعتماد اور تحفظ کے احساس کے ساتھ سفر نہیں کر سکیں گے۔ایرانی ترجمان کے بقول محفوظ عارضی راستے کا مقصد آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کے لیے ایک واضح اور نسبتاً محفوظ بحری گزرگاہ فراہم کرنا ہے۔

☆ بقیہ صباء 13 ☆

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم بحریہ پاکستان کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران، جوانوں اور سویلین اہلکاروں کو سلام اور شہدا اور سابق فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 1965 میں آپریشن دوارکا کے دوران اور آبدوز غازی کی موجودگی میں جس بہادری کا مظاہرہ کیا گیا وہ ہماری تاریخ کا سنہرا باب ہے جو ہمت، درستگی کے ساتھ کارروائی اور ہماری بحری سرحدوں کے دفاع کے لیے ایک غیر متزلزل عزم کا ثبوت ہے۔

☆ بقیہ صباء 14 ☆

حکومت، پارلیمنٹ، تمام سیاسی جماعتوں اور ریاستی اداروں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ سندھ کی جغرافیائی سالمیت اور وحدت کا احترام کریں۔قرارداد میں موجودہ انتظامی حدود میں تبدیلی سے متعلق کسی بھی تجویز سے گریز کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سندھ کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت کسی بھی صورت پارٹی سیاست سے بالاتر ہے۔ وفاقی حکومت اور ریاستی اداروں پر زور دیا گیا ہے کہ سندھ کے عوام کی جمہوری رائے اور صوبے کی آئینی حیثیت کا احترام کیا جائے۔سندھ اسمبلی سیکریٹریٹ کے مطابق ایوان سے منظور ہونے والی قرارداد قواعد و ضوابط کے تحت متعلقہ وفاقی اداروں کو ارسال کی گئی ہے اور متعلقہ حکام سندھ اسمبلی کی قرارداد پر کارروائی کرنے اور مقررہ مدت میں جواب دینے کے پابند ہیں۔ ذرائع کے مطابق سندھ اسمبلی کی منظور کردہ قرارداد پر متعلقہ حکام کو 30 روز کے اندر جواب دینا ہوگا۔قرارداد پر عمل درآمد نہ ہونے یا مقررہ مدت میں جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں سندھ اسمبلی میں تحریک استحقاق پیش کی جاسکتی ہے۔ذرائع نے کہا کہ سندھ اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کو متعلقہ حکام کو طلب کرنے اور قواعد کے تحت ان کے خلاف کارروائی کی سفارش کرنے کے اختیارات حاصل ہیں، جبکہ بعض حالات میں وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کا حکم دینے کا اختیار بھی کمیٹی کے دائرہ کار میں آتا ہے۔قرارداد میں واضح کیا گیا ہے کہ سندھ کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت کا تحفظ صوبے کے عوام کا بنیادی جمہوری اور آئینی حق ہے، اس معاملے کو سیاسی جماعتوں کے اختلافات سے بالاتر رکھتے ہوئے وفاقی حکومت اور ریاستی اداروں کو سندھ کے عوام کے مؤقف کا احترام کرنا چاہیے۔سندھ اسمبلی نے وفاقی حکومت، پارلیمنٹ، سیاسی جماعتوں اور ریاستی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ سندھ کی موجودہ جغرافیائی حدود اور وحدت کے حوالے سے کسی بھی ایسی تجویز یا اقدام سے گریز کیا جائے جس سے صوبے کی وحدت اور سالمیت متاثر ہونے کا خدشہ ہو۔

☆ بقیہ صباء 15 ☆

سے شروع ہو کر خلیج فارس تک پھیلا ہوگا، اس زون میں داخل ہونے والے بحری جہازوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔محسن رضائی کے مطابق ایران نے امریکی بحری جہازوں اور فوجی اڈوں کے خلاف اپنی حکمت عملی تبدیل کر دی ہے، جبکہ نئے اقدامات کا مقصد امریکا پر دباؤ بڑھانا ہے۔دوسری جانب ایران کے قائم مقام وزیر دفاع بریگیڈیئر جنرل مجید ابن رضا نے واشنگٹن کے اس دعوے کو مسترد کر دیا ہے کہ تہران میں امریکی بحری ناکہ بندی نافذ کرنے والے جنگی جہازوں کو نشانہ بنانے کی تکنیکی صلاحیت نہیں۔ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے مجید ابن رضا نے کہا کہ ایران کے پاس امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کے لیے مطلوبہ ٹیکنالوجی اور صلاحیت موجود ہے۔اس سوال کے جواب میں کہ کیا ایرانی فورسز ناکہ بندی نافذ کرنے والے امریکی بحری جہازوں پر حملہ کر سکتی ہیں؟ قائم مقام ایرانی وزیر دفاع نے کہا کہ اللہ نے چاہا تو آپ نتائج دیکھیں گے۔

☆ بقیہ صباء 16 ☆

میں پاک بحریہ کا کردار قابل قدر ہے۔اپنے پیغام میں سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ یوم بحریہ ہمیں اپنے بحری محافظوں کی جرات، عزم اور لازوال قربانیوں کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ نے جرات مندانہ حکمت عملی کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سومناتھ پاک بحریہ کی بہادری، بہترین منصوبہ بندی اور پیشہ ورانہ قابلیت کی روشن مثال ہے۔ پاک بحریہ نے ملکی دفاع کی تاریخ میں اپنی شاندار کارکردگی سے قابل فخر نقوش چھوڑے ہیں۔شیری رحمان نے کہا کہ بھارت کے خلاف معرکہ حق میں بھی پاک بحریہ نے بھرپور پیشہ ورانہ صلاحیت، غیر معمولی تیاری اور مؤثر حکمت عملی کا مظاہرہ کیا۔ آج کی پاک بحریہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ایک مضبوط اور باصلاحیت بحری قوت بن چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ بحری راستوں کے تحفظ اور سمندری تجارت کی روانی برقرار رکھنے میں پاک بحریہ کی خدمات نہایت اہم ہیں۔ عالمی امن کے لیے جاری سرگرمیوں اور قدرتی آفات کے موقع پر امدادی کارروائیوں کے ذریعے بھی پاک بحریہ انسانیت کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ قوم اپنے بحری محافظوں کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور پاک بحریہ کے بہادر افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتی ہے۔

☆ بقیہ صباء 17 ☆

کرتے ہوئے قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ سینیٹ موبائل ایپ کا اجرا 1973ء میں سینیٹ کے قیام کے بعد ڈیجیٹل سفر میں نئے دور کا آغاز ہے، یہ محض موبائل ایپ کا اجرا نہیں بلکہ کام اور سوچ کے نئے انداز کی جانب پیش رفت ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کے نئے عزم کے ساتھ سینیٹ کی ڈیجیٹل تبدیلی جاری ہے، یہ ڈیجیٹل اقدام سینیٹ اور ارکان کی کارکردگی پر دور رس مثبت اثرات مرتب کرے گا، جدید پارلیمانی ادارے کی تشکیل میں سینیٹ موبائل ایپ معاون ثابت ہوگی۔قائم مقام صدر کا کہنا تھا کہ ماضی میں پارلیمانی و حکومتی امور بڑی حد تک روایتی اور دستی نظام کے تحت انجام پاتے رہے، روایتی انتظام میں عوامی خدمت کے بجائے انتظامی مراحل اور کارروائیوں میں خاصا وقت صرف ہوتا تھا، وہ وقت گزر گیا، اب حالات بدل چکے ہیں، ٹیکنالوجی و جدت اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ سینیٹ موبائل ایپ کا اجرا ایک تزویراتی پیش رفت ہے، ایوان بالا کو ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنا ہوگا، سینیٹ سیکریٹریٹ پہلے ہی ای آفس نظام اپنا چکا ہے اور ای آفس نظام کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ موبائل ایپ وسیع تر ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کا حصہ ہے، ڈیجیٹل تبدیلی کا مقصد وقت کی بچت، کارکردگی میں اضافہ اور غیر ضروری مراحل کا خاتمہ ہے، ڈیجیٹلائزیشن محض سہولت نہیں بلکہ ادارہ جاتی استعداد اور مؤثریت میں اضافے کا ذریعہ ہے۔قائم مقام صدر کے مطابق نظام مربوط اور بالتعلق ہوں تو آئینی فرائض پر توجہ مرکوز کی جاسکتی ہے، پارلیمان اور عوام کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے میں ٹیکنالوجی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سینیٹ کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے پارلیمانی سرگرمیوں کی بروقت معلومات عوام تک پہنچائی جاری ہیں، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز عوام کو رائے اور آراء کے اظہار کے مواقع بھی فراہم کر رہے ہیں

☆ بقیہ صباء 18 ☆

شہداء کی یادگار پر حاضری دی اور سلامی پیش کی۔نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں یادگار شہداء پر یوم بحریہ کی مناسبت سے پروقار تقریب ہوئی، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے، پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔تقریب میں پاک بحریہ کے آفیسرز، سی پی اوز، سیلرز اور نیوی سویلینز کے ساتھ ساتھ شہداء کے اہل خانہ شریک ہوئے۔

☆ بقیہ صباء 19 ☆

عملدرآمد نہ ہوسکے تو اگلی اسمبلی پر منحصر ہوتا ہے کہ اس معاملے پر نئی قرارداد منظور کرتی ہے یا نہیں۔ایک انٹرویو میں انہوں نے اسلام آباد کو صوبہ بنانے سے متعلق سوال پر کہا کہ الیکشن کمیشن حکومت کو آخری وارننگ دے چکا ہے کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات منظور شدہ بلدیاتی ایکٹ کے تحت کرائے جائیں۔ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق بحث پر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اس معاملے پر یا تو خاموش ہے یا بحث کا حصہ نہیں بننا چاہتی، تاہم اس موضوع پر بحث پارلیمنٹ میں ہونی چاہیے کیونکہ یہی اس کے لیے مناسب فورم ہے۔وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وزیراعظم نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زبان بندی نہیں کی، وہ جو چاہیں کہہ سکتے ہیں، تاہم عوامی ریفرنڈم کرانا ہو تو یہ آئین کے مطابق اور پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی ممکن ہوگا کسی وزیر کے بیان کی بنیاد پر نہیں۔

☆ بقیہ صباء 20 ☆

آفریدی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کی، بنچ میں جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس ملک شہزاد شامل تھے۔دوران سماعت چیف جسٹس پاکستان نے استفسار کیا کہ کیا ہیڈ کوارٹر الاؤنس کی منظوری وزیراعظم نے دی تھی؟ عدالت نے الاؤنس سے متعلق سمری فوری طور پر طلب کرلی تاکہ اس معاملے کی حقیقت سامنے آسکے۔ ایف بی آر کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سرکاری ملازمین کو ایگزیکٹو الاؤنس دیا جاتا ہے تاہم ایف بی آر ملازمین کو ایگزیکٹو الاؤنس کے بجائے ہیڈ کوارٹر الاؤنس دیا گیا۔ ٹائم اسکیل والے ملازمین کو یہ الاؤنس نہیں دیا جاسکتا۔عدالتی حکم پر دوران سماعت ایف بی آر ہیڈ کوارٹر الاؤنس کی سمری منگوائی گئی۔ وکیل ایف بی آر نے بتایا کہ یہ الاؤنس گریڈ 17 کے افسران کیلئے ہے جبکہ موجودہ درخواست گزار گریڈ 17 کے ملازمین نہیں ہیں۔چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ سمری میں ایسی کوئی بات نہیں لکھی، اگر ایف بی آر ٹائم اسکیل ملازمین کو [illegible] کرنا چاہتا ہے تو دوبارہ سمری بھجوائی جا سکتی ہے۔جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ اس الاؤنس کی سمری فوری منگوائیں تاکہ حقیقت کا پتہ چل سکے۔ایف بی آر کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ موجودہ کیس سروس ٹریبونل کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، عدالت فنانس ڈویژن کو نوٹس جاری کرے۔ عدالت نے ایف بی آر کی اپیلیں خارج کرتے ہوئے سروس ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا۔واضح رہے کہ ایف بی آر کے 40 سے زائد ملازمین نے ٹائم اسکیل کی بنیاد پر ہیڈ کوارٹر الاؤنس کے حصول کے لیے درخواستیں دائر کی تھیں، جس پر سروس ٹریبونل نے ملازمین کے حق میں فیصلہ دیا تھا۔سپریم کورٹ نے سروس ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔

☆ بقیہ صباء 21 ☆

ایک ہزار 800 اسکولوں کے قیام اور 3 ہزار موجودہ اسکولوں میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں انسانی وسائل کی کمی دور کرنے کیلئے 15 ہزار سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے تحت کی گئی ہیں۔اساتذہ کی دستیابی سے تعلیمی اداروں کی استعداد کار میں اضافہ اور بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ممکن ہو رہی ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کے تحت گزشتہ دو برسوں کے دوران مختلف اسکالرشپ اسکیموں کے ذریعے 23 ہزار 520 وظائف فراہم کیے گئے۔ ان میں سے دسویں جماعت تک 150، شہید بینظیر اسکالرشپ برائے میٹرک ضلعی پوزیشن ہولڈرز کے تحت 96، انٹرمیڈیٹ پارٹ اول کے 165، ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے 2431 اور ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کے 552 وظائف دیے گئے۔انہوں نے بتایا کہ بلوچستان سے باہر بی ایس کیلئے 4682 جزوی وظائف جبکہ کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ پروگرام کے تحت 150 وظائف فراہم کیے گئے۔ٹرانس جینڈر طلبہ کیلئے شہید بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے تحت 60 وظائف، کالجز اور یونیورسٹیوں میں بی ایس کیلئے 945 جزوی وظائف جبکہ سول شہداء کے بچوں کیلئے شہید بینظیر بھٹو اسکالرشپ کے تحت 590 مکمل وظائف دیئے گئے۔ وزیراعلیٰ کے مطابق پنجاب ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ کے تحت 89، صادق پبلک اسکول کیلئے 30، ہلکن میتھل یونیورسٹی اسکالرشپ کے تحت 30 جبکہ سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ و ریاضی کے شعبوں میں بیرون ملک پی ایچ ڈی کیلئے 6 وظائف فراہم کیے گئے۔ آکسفورڈ پاکستان پروگرام کے تحت ایک اور پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ اسکالرشپ کے تحت 64 وظائف بھی دیئے گئے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم میں ایل ایل ایم کیلئے وکلا فنڈ پروگرام کے تحت 16 جبکہ شہید پولیس اہلکاروں کے بچوں کیلئے اسی پروگرام کے تحت 161 وظائف فراہم کیے گئے ہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت کیلئے تعلیم محض ایک شعبہ نہیں بلکہ مستقبل کی تعمیر کا بنیادی ذریعہ ہے۔ہماری منزل واضح ہے کہ بلوچستان کا کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ اسکولوں کی بحالی، نئے تعلیمی اداروں کے قیام، تعلیمی انفراسٹرکچر کی توسیع اور اساتذہ کی بھرتیوں کے سلسلے کو مزید وسعت دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کا حق دلانا اور نوجوان نسل کو با اختیار بنانا حکومت کی ترجیح ہے۔تعلیم یافتہ، باصلاحیت، بااختیار اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد مضبوط کرنے کیلئے حکومت اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

☆ بقیہ صباء 22 ☆

کے استحکام اور نئی سرمایہ کاری کے امکانات پر اہم ملاقاتیں متوقع ہیں۔وزیر تجارت بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ سے خصوصی خطاب کریں گے اور سمٹ کے مختلف اہم سیشنز میں شرکت کریں گے۔اس موقع پر وہ ہانگ کانگ اور مختلف ممالک کی اعلیٰ قیادت اور حکام سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔جام کمال خان معروف کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کے نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں پاکستان کے ساتھ تجارتی روابط بڑھانے اور ملک میں نئی سرمایہ کاری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔وفاقی وزیر اپنے دورہ ہانگ کانگ کے دوران پاکستانی کمیونٹی سے بھی ملاقات کریں گے اور انہیں پاکستان کی تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے لیے حکومتی اقدامات سے آگاہ کریں گے۔ذرائع کے مطابق دورے کا بنیادی مقصد عالمی شراکت داروں کے ساتھ پاکستان کے اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنا، تجارتی مواقع پیدا کرنا اور غیرملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔دورے کے دوران پاکستانی برآمدات کے فروغ اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے حوالے سے بھی مختلف امور زیر بحث آنے کا امکان ہے۔

☆ بقیہ صباء 23 ☆

شرائط پر اتفاق کیا جاسکتا ہے کہ ایران بھی بالآخر کثیر دفاعی اتحاد کا حصہ بن جائے گا۔غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لاوروف نے کہا کہ اگر مصر اور الجزائر کثیر معاہدے میں شامل ہوتے ہیں تو یہ بھی مثبت پیشرفت ہوگی۔سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے کہا ہے کہ اتحاد کے دروازے دیگر ممالک کے لیے بھی کھلے ہیں۔اور یہ روس کی جانب سے پیش تصور کو عملی جامہ پہنانے سے متعلق بہت اچھا عملی قدم ہوگا۔

☆ بقیہ صباء 24 ☆

کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کر دیا۔درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے اور درخواست گزاروں کو بھی وہی طبی سہولیات فراہم کی جائیں جو بانی پی ٹی آئی کو دستیاب ہیں۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ آئین کا آرٹیکل 25 تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک کا پابند بناتا ہے، جبکہ سپریم کورٹ کا حکم اب بھی نافذ العمل ہے۔درخواست کے مطابق سپریم کورٹ نے 18 اگست کو بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل منتقل کرنے کا حکم دیا تھا، لہٰذا عدالت درخواست گزاروں کا علاج بھی شفا انٹرنیشنل سے کرانے کا حکم دے۔درخواست میں مزید استدعا کی گئی ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم کے تناظر میں بانی پی ٹی آئی کی طرز پر واٹس ایپ کے ذریعے بیرون ملک بات کرانے کا حکم بھی دیا جائے۔وفاقی آئینی عدالت نے تین قیدیوں کی ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف تینوں اپیلوں کو الگ الگ نمبر الاٹ کر دیا۔پہلی اپیل کو 2050/2026 نمبر، دوسری اپیل کو 2051/2026 نمبر اور تیسری اپیل 2052/2026 نمبر الاٹ کیا گیا۔

☆ بقیہ صباء 25 ☆

صوبائی حکومت خیبرپختونخوا بھر میں بلدیاتی انتخابات ایک ساتھ کروانا چاہتی ہے، گزشتہ سماعت پر چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا نے قانون سازی کے لیے 3 ہفتے کا وقت مانگا تھا۔حکام کے مطابق صوبائی کابینہ کمیٹی کا اجلاس 31 اگست کو ہوا جس میں صوبائی حکومت نے دیگر صوبوں میں بلدیاتی نظام کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ چیف سیکرٹری کے پی نے بتایا کہ صوبائی کابینہ کمیٹی قانون میں ترامیم پر غور کر رہی ہے۔ممبر بلوچستان نے ریمارکس دیے کہ کے پی حکومت تاخیری حربے استعمال کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسا نہ ہو کہ کمیشن کو وزیراعلیٰ کو طلب کرنا پڑے۔ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات تو کروانے پڑیں گے، کمیشن کے پاس بہت سے آئینی راستے موجود ہیں۔ ممبر کے پی نے کہا کہ قانون میں تبدیلی کے بعد تمام حلقہ بندیاں دوبارہ کرنا پڑیں گی۔اسپیشل سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت فیصلہ کرے تو الیکشن کمیشن پورے صوبے میں ایک ساتھ انتخابات کروا دے گا۔

☆ بقیہ صباء 26 ☆

دن فی تولہ سونے کی قیمت 1 ہزار روپے کی کمی سے 4 لاکھ 26 ہزار 136 روپے اور فی 10 گرام سونے کی قیمت 857 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 65 ہزار 207 روپے کی سطح پر آ گئی۔سونے کی قیمتوں میں کمی کے برعکس ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت 10 روپے کے اضافے سے 7 ہزار 69 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 9 روپے کے اضافے سے 6 ہزار 060 روپے کی سطح پر آ گئی۔

☆ بقیہ صباء 27 ☆

خواہاں ہیں تاہم اپنے دفاع پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔سفارتخانے سے جاری بیان کے مطابق دو یوم دفاع و شہدا کے موقع پر سفارتخانے میں استقبالیہ سے خطاب کے دوران جس میں سینئر ایلیٹ ارز، سفارتی کور کے ارکان، مسلح افواج کے افسران اور پاکستان کے متعدد دوستوں نے شرکت کی۔سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے پاکستان کی مسلح افواج کے شہدا اور غازیوں کو زبردست خراج عقیدت و تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات اور قربانیوں کو سلام پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملکی سلامتی کی ضامن ہیں اور پوری قوم اپنے بہادر محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔انہوں نے 1965ء میں پاکستانی افواج کی بے مثال بہادری اور گزشتہ سال مئی میں بھارتی جارحیت کے جواب میں مسلح افواج کی جانب سے عزم، درست حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دفاع کا ذکر کیا۔سفیر نے علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے ملک کی خدمات بالخصوص اقوام متحدہ کے امن مشنوں کے تحت پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران پاکستان کا قومی دفاع صرف روایتی میدان جنگ تک محدود نہیں رہا بلکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ تک بھی پھیل گیا ہے، اس فیصلہ کن جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں اور عوام نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے شراکت داری قائم کرنے اور بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتا ہے۔ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ تعاون، مذاکرات اور بین الاقوامی قانون سے وابستگی کے اسی جذبے کے تحت پاکستان خطے میں جنگ کے شعلے بجھانے کے لیے ثالثی کا کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازعہ نہیں چاہتا بلکہ اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کا خواہاں ہے تاہم اپنے قومی دفاع پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ان کا کہنا تھا کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے لیے تنازعہ جموں و کشمیر کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔

☆ بقیہ صباء 28 ☆

کرتی ہے، معیاری تعلیم تک مساوی رسائی ہر بچے کا بنیادی حق ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے، آئین پاکستان کے تحت 5 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کو مفت تعلیم کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے۔سردار ایاز صادق نے کہا کہ خواتین میں خواندگی کا فروغ تعلیم یافتہ اور مضبوط معاشرے کیلئے کلیدی اہمیت کا حامل ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان ہر بچے کو تعلیم کے دائرے میں لانے کے عزم کا اظہار ہے۔انہوں نے کہا کہ سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام میں شامل کرنے کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان تعاون ضروری ہے، پارلیمانی کاکس برائے حقوق اطفال کی رپورٹ میں سکولوں سے باہر بچوں کو سکولوں میں لانے کے لیے قابل عمل تجاویز مرتب کی گئی ہیں، وفاقی اور صوبائی پارلیمانی کاکسز کے اشتراک سے مرتب کی گئی رپورٹ میں سکول سے باہر بچوں کے مسئلے کا زمینی حقائق پر مبنی حل پیش کیا گیا ہے جو قابل تحسین ہے۔ سپیکر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی تعلیمی ایمرجنسی کے تحت سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام میں شامل کرنے کے اقدامات خوش آئند ہیں، تعلیم کے ساتھ بچوں اور نوجوانوں میں جمہوری اور پارلیمانی شعور اجاگر کرنا بھی قومی ذمہ داری ہے، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے انٹرن شپ پروگرامز کے ذریعے اسکول، کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ کو جمہوریت اور پارلیمانی امور سے آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔قومی اسمبلی نوجوان نسل کو پارلیمانی اور جمہوری تعلیم سے روشناس کرانے کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی، تعلیم اور خواندگی کے فروغ کے لیے پارلیمان، حکومت اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔

☆ بقیہ صباء 29 ☆

بڑے حملے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔رپورٹ کے مطابق نامور عرب شخصیت اور نیتن یاہو کے درمیان تقریباً 45 منٹ تک بات ہوئی تھی، عرب شخصیت نے خبردار کیا تھا کہ ممکنہ حملہ بڑے پیمانے پر خونریزی کا سبب بننے کے ساتھ پورے خطے کو غیر مستحکم اور ابراہم معاہدوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے، تاہم نیتن یاہو نے مبینہ طور پر خطرے کو سنجیدگی سے نہیں لیا اور کہا کہ میرے خیال میں حماس مغربی کنارے میں کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے۔تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق نیتن یاہو نے اس مبینہ فون کال کے بارے میں شن بیت، موساد اور اسرائیلی فوج کے سربراہ سمیت اپنے اعلیٰ ترین سکیورٹی حکام کو آگاہ نہیں کیا تھا، عرب شخصیت نے بعد میں امریکی خفیہ ادارے کے سربراہ ولیم برنز کو بھی اس گفتگو سے آگاہ کیا تھا۔رپورٹ کے مطابق 2023 کے آغاز میں شن بیت اور حماس کے درمیان قیدیوں کے تبادلے کے لیے خفیہ براہ راست مذاکرات جاری تھے اور ایک معاہدہ تقریباً طے پا گیا تھا لیکن نیتن یاہو نے متعلقہ وزارتی کمیٹی کا اجلاس بار بار مؤخر کیا۔رپورٹ کے مطابق خدشہ تھا کہ معاہدہ منظر عام پر آنے پر حکومتی اتحادیوں کے ردعمل سے سیاسی مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔ستمبر 2023 میں یحییٰ سنوار نے ثالث کے ذریعے خبردار کیا کہ ہم ایک زلزال یعنی بڑے زلزلے جیسی کارروائی کی تیاری کر رہے ہیں، بعد میں حماس کے سربراہ نے اس کارروائی کو سب سے بڑی حیرت انگیز اور خوفناک کارروائی قرار دیا، یہ پیغام 15 ستمبر کو شن بیت تک پہنچا اور اس وقت کے سربراہ رونن بار نے نیتن یاہو کو آگاہ کیا۔17 ستمبر کو ہونے والے ایک اہم سکیورٹی اجلاس میں رونن بار نے خبردار کیا کہ اسرائیل حماس کے ساتھ ٹکراؤ کی جانب بڑھ رہا ہے۔

☆ بقیہ صباء 30 ☆

حاصل نہیں کرپائے جس کے لیے 42 نشستیں درکار ہوتی ہیں یعنی حکومت کی تشکیل کے لیے جماعت اے ایف ڈی کو اب بھی صرف تین نشستیں درکار ہیں۔خیال رہے کہ کہ آلٹرنیٹو فار جرمنی کی 13 سالہ تاریخ کا سب سے بڑا انتخابی کامیابی کا مرحلہ ہے اور دوسری جنگ عظیم کے بعد جرمنی میں انتہائی دائیں بازو کی کسی جماعت کے لیے ریاستی سطح پر اقتدار کے اتنا قریب پہنچنے کی ایک غیر معمولی مثال ہے۔اے ایف ڈی کی کامیابی کے برعکس جرمن چانسلر فریڈرک مرز کی حکمران جماعت کرسچن ڈیموکریٹک یونین کو شدید شکست کا سامنا کرنا پڑا جو تقریباً 16.9 فیصد ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہی، اسی طرح سوشل ڈیموکریٹک پارٹی نے 9.1 فیصد، گرین پارٹی نے تقریباً 8.9 فیصد اور دی لنکے نے 8.4 فیصد ووٹ حاصل کیے۔بائیں بازو کی پاپولسٹ جماعت بی ایس ڈبلیو بھی 5.2 فیصد ووٹ لے کر پارلیمان میں داخل ہوئی۔جرمنی کی مرکزی دھارے کی بڑی سیاسی جماعتیں طویل عرصے سے اے ایف ڈی کے ساتھ اتحاد یا باضابطہ تعاون سے انکار کرتی رہی ہیں، اسے جرمن سیاسی نظام میں "فائر وال" پالیسی کہا جاتا ہے جس کا مقصد انتہائی دائیں بازو کی جماعت کو اقتدار سے دور رکھنا ہے۔اے ایف ڈی کی ریاستی شاخ کو جرمنی کی داخلی انٹیلی جنس نے انتہائی دائیں بازو کی انتہاپسند جماعت قرار دیا ہے جبکہ اس کی سیاست میں سخت گیر امیگریشن مخالف مؤقف نمایاں ہے۔اے ایف ڈی کے سامنے ایک ممکنہ راستہ بائیں بازو کی جماعت بی ایس ڈبلیو کے ساتھ اقتدار کے اشتراک کے لیے حکومتی اتحاد ہوسکتا ہے، جس نے پارلیمان میں داخلے کے لیے مطلوبہ 5 فیصد کی حد عبور کرلی ہے۔تاہم اے ایف ڈی کے مقامی رہنما اولریش زیگمنڈ نے اس جماعت کے ساتھ اتحاد میں دلچسپی نہ ہونے کا عندیہ دیا ہے جبکہ پارٹی کی شریک سربراہ ٹینو کروپالا نے دیگر جماعتوں سے بات چیت کے لیے "ہاتھ بڑھانے" کی بات کی ہے۔

☆ بقیہ صباء 31 ☆

میاں فیصل عرفان عدالت میں پیش ہوئے۔وکیل نے موقف اپنایا کہ پارلیمان کی جانب سے ریمانڈ کی مدت 14 دن مقرر کیے جانے کے باوجود صدارتی آرڈیننس کے ذریعے اسے 40 دن تک بڑھانا آئینی اختیار سے تجاوز ہے، اس آرڈیننس کا مقصد صرف بانی پی ٹی آئی کو طویل عرصے تک حراست میں رکھنے کیلئے ریمانڈ کی مدت میں اضافہ کرنا تھا۔وکیل نے کہا کہ یہ عمل پارلیمانی قانون سازی کو نظر انداز کرنے کے مترادف بھی تھا۔وکیل درخواست گزار نے کہا کہ 2024 میں جاری ہونے والے صدارتی آرڈیننس کے ذریعے جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 دن سے بڑھا کر 40 دن کرنا آئینی اختیار سے تجاوز تھا۔وکیل نے موقف اپنایا کہ پارلیمان نے خود باقاعدہ غور و بحث کے بعد ریمانڈ کی مدت 90 دن سے کم کر کے 14 دن مقرر کی تھی، صدر کو یہ اختیار حاصل نہیں تھا کہ وہ آرڈیننس کے ذریعے اس پارلیمانی فیصلے کو تبدیل کرتے ہوئے ریمانڈ کی مدت 40 دن کر دیں۔وکیل درخواست گزار کے مطابق آرڈیننس اسمبلی کے سامنے پیش ہوا مگر اسمبلی نے اسے منظور نہیں کیا بلکہ مسترد کر دیا، اس اقدام سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس اقدام کو پارلیمانی تائید حاصل نہیں تھی۔ڈپٹی اٹارنی جنرل کی جانب سے درخواست کی مخالفت کی گئی اور کہا گیا کہ متعلقہ آرڈیننس لاہور ہائیکورٹ میں ختم ہو چکا ہے، فیصلہ آ چکا ہے۔ڈپٹی اٹارنی جنرل درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں ہیں، درخواست خارج کی جائے۔ڈپٹی اٹارنی جنرل اصل سوال آرڈیننس کے ختم ہونے کا نہیں بلکہ صدر کے آئینی اختیار کا ہے، جس پر لاہور ہائیکورٹ نے فیصلہ نہیں دیا۔نہ کوئی ایسی ہنگامی صورتحال موجود تھی اور نہ ہی غیر معمولی حالات جن کی بنیاد پر پارلیمان کے مقرر کردہ قانونی انتظام کو صدارتی آرڈیننس کے ذریعے تبدیل کیا جاسکے۔عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔

☆ بقیہ صباء 32 ☆

منظور کی جبکہ 1947ء میں سندھ اسمبلی نے پاکستان کے حق میں قرارداد منظور کی، بعد ازاں 26 جون 1947 کو سندھ کے نمائندوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کیا۔انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان چاروں اکائیوں کے ساتھ ہمیشہ قائم و دائم رہے گا۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ 6 ستمبر 1965ء کو بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو پاک فوج، پاک بحریہ، پاک فضائیہ اور پوری قوم نے مل کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، آج بھی قوم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ 9 مئی 2025ء کو بھی بھارت نے پاکستان کے خلاف مہم جوئی کی کوشش کی تاہم مسلح افواج نے بھرپور جواب دیا اور پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی رہی۔انہوں نے کہا کہ نوجوان، صحافی، کسان، مزدور، سیاستدان اور معاشرے کے تمام طبقات متحد ہو کر کھڑے ہوں تو کوئی دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔پاکستان کے خلاف عالمی سطح پر منفی تاثر پیدا کرنے کی کوششوں کا بھی مؤثر جواب دیا گیا، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سفارتی محاذ پر پاکستان کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا۔مراد علی شاہ نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے بھی سفارتی محاذ پر پاکستان کا نام روشن کیا تھا، بلاول بھٹو زرداری نے اسی انداز میں دنیا کے سامنے پاکستان کا موقف پیش کیا۔جب قوم متحد اور مسلح افواج کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہو تو پاکستان کو کوئی خطرہ نہیں ہوسکتا۔

☆ بقیہ صباء 33 ☆

،مانیٹرنگ، کوآرڈینیشن اور فوری فیصلہ سازی کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی، محسن نقوی سیف سٹی سمیت پولیس کے تمام اہم آپریشنل نظام ایک مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول پلیٹ فارم سے منسلک ہوں گے جس سے کسی بھی ہنگامی یا سکیورٹی صورتحال میں آئی جی اسلام آباد براہ راست صورتحال مانیٹر کر کے فوری احکامات جاری کر سکیں گے جدید اے آئی اور ٹیکنالوجی بیسڈ سسٹم سے پولیس کی کارکردگی، رسپانس ٹائم اور فیلڈ فورس کی مانیٹرنگ مزید مؤثر ہوگی۔محسن نقوی وفاقی وزیر داخلہ نے سینٹر کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور جدید مانیٹرنگ و کمانڈ سسٹم کا جائزہ لیا وفاقی وزیر داخلہ کو سیف سٹی کے ساتھ مربوط نظام، پولیس آپریشنز، فیلڈ فورس کی مانیٹرنگ، ایمرجنسی رسپانس اور جدید اے آئی بیسڈ ٹیکنالوجی کے بارے میں بریفنگ دی گئی نئے سینٹر کا بنیادی مقصد آئی جی اسلام آباد کو ایک ہی مقام سے پوری اسلام آباد پولیس کی مؤثر کمانڈ اور مانیٹرنگ کی سہولت فراہم کرنا ہے۔محسن نقوی اس جدید نظام سے پولیس کے مختلف یونٹس کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن مزید بہتر ہوگا۔ کسی بھی واقعے یا ہنگامی صورتحال میں بروقت معلومات، فوری فیصلہ سازی اور تیز رفتار پولیس رسپانس ممکن ہوگا۔محسن نقوی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پولیس کی کمانڈ، مانیٹرنگ اور احتساب کے نظام کو مزید مضبوط بنانا ہے۔محسن نقوی اس سینٹر سے فیلڈ میں پولیس کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی بھی ممکن ہوگی۔

☆ بقیہ صباء 34 ☆

سماعت درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ وہ اسلام آباد میں کاروبار کرنے والے تاجر ہیں اور پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کو اسلام آباد لانے کے اعلان کے باعث وہ اور دیگر شہری متاثر ہو سکتے ہیں۔چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ درخواست گزار کس طرح متاثرہ فریق ہیں، وکیل نے جواب دیا کہ احتجاج اسلام آباد میں لانے کا منصوبہ ہے، جس سے شہریوں اور کاروباری سرگرمیوں کو مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔درخواست گزار کے وکیل نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے احتجاج سے متعلق مختلف بیانات اور اخباری تراشے عدالت میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ افراد کے متعدد معاملات پہلے ہی عدالتوں میں زیر سماعت ہیں اور ان مقدمات کا فیصلہ قانون کے مطابق ہونا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر زیر التوا مقدمات کی بنیاد پر سڑکوں پر احتجاج کو جواز بنایا جائے تو ملک بھر کے دیگر مقدمات کے فریقین بھی اسی راستے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔وکیل نے 2024ء کے احتجاج کا حوالہ دیتے ہوئے دعویٰ کیا کہ اس دوران اسلام آباد میں داخل ہونے کی کوشش کی گئی اور 3 رینجرز اہلکار جاں بحق ہوئے، جبکہ اخباری رپورٹس کے مطابق احتجاج کے نتیجے میں کروڑوں روپے کا مالی نقصان بھی ہوا۔ان کا مؤقف تھا کہ احتجاج کے ذریعے ریاستی اداروں اور عدالتوں پر دباؤ ڈالنا قابل قبول نہیں۔سماعت کے دوران اسلام آباد میں احتجاج سے متعلق قانونی شقیں بھی عدالت کے سامنے پیش کی گئیں۔وکیل نے کہا کہ آئین اور قانون کے تحت حکومت کو امن و امان برقرار رکھنے کے لیے احتجاج پر مناسب پابندیاں عائد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔عدالتی استفسار پر وکیل نے بتایا کہ سرکاری مشینری کے استعمال کا خدشہ موجود ہے۔اس موقع پر وزارت داخلہ کا 22 نومبر 2024 کا خط بھی عدالت میں پیش کیا گیا۔وکیل نے 190 ملین پاؤنڈ کیس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ متعلقہ فریق کو اپیل پر دلائل دینے کے مواقع دیے گئے، تاہم قانونی راستہ اختیار کرنے کے بجائے احتجاج کے ذریعے دباؤ ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔عدالت نے معاملے کی حساسیت کے پیش نظر اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے چاروں صوبوں کے آئی جیز اور ایڈووکیٹ جنرلز کو بھی ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔کیس مزید سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کر دی گئی۔

☆ بقیہ صباء 35 ☆

فسلیٹی پروگرام کے تحت پانچویں جائزے پر مذاکرات ہوں گے جس میں اس حوالے سے بھی تبادلہ خیال ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کی حدود میں بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکٹھا کیا جائے گا جو اسلام آباد کی حدود میں ہی خرچ ہوسکے گا۔ ابتدائی طور پر جو تجاویز تیار کی گئی ہیں، ان میں اسلام آباد کے ہسپتالوں، اسکولز، کالجز اور دیگر تعلیمی اداروں، فلاحی کاموں اور انتظامی ڈھانچے پر خرچ کرنے کے لیے ٹیکس اکٹھا کیا جائے گا۔ ٹیکس کلیکشن کی تجاویز آئندہ اقتصادی جائزے کے دوران آئی ایم ایف وفد کے ساتھ ڈسکس کی جائیں گی اور یہ ٹیکس آئندہ مالی سال کے بجٹ میں متعارف کرایا جاسکتا ہے۔ذرائع کے مطابق ٹیکس کلیکشن کے لیے ابھی حتمی تخمینہ لگانا باقی ہے۔ اسلام آباد کے لیے بنیادی ڈھانچے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مالیاتی گنجائش پیدا کرنے کے لیے یہ ٹیکس لگایا جائے گا۔اس سلسلے میں ابتدائی طور پر ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس تجاویز تیار کی جائیں گی جس کے بعد اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کے لیے قائم ٹیکس سے متعلق ذیلی کمیٹی کو تجاویز پیش کی جائیں گی۔

☆ بقیہ صباء 36 ☆

منصوبے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پابندیاں اور ٹیرف لگانے والوں نے تعاون کے بجائے دباؤ ڈالنے کے ہتھکنڈوں کا راستہ اختیار کیا، اسی لیے یہ ممالک بھارت کو تیل کی روس سے بہتر پیشکش نہیں کر سکتے۔روسی سفیر نے خبردار کیا کہ اگر روسی تیل فروخت کی اجازت نہ دی گئی تو دنیا کو جس صورتحال کا سامنا ہوگا توانائی کی منڈیاں اس کی متحمل نہیں ہوسکتیں۔

☆ بقیہ صباء 37 ☆

پاکستان کے لیے زرمبادلہ کے حصول، روزگار اور سرمایہ کاری کا اہم ذریعہ بن چکا ہے۔ گزشتہ دو سال کے دوران سمندری خوراک کی برآمدات میں تقریباً 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2023-24ء میں پاکستان کی سی فوڈ برآمدات 40 کروڑ 60 لاکھ ڈالر رہی تھیں، جو مالی سال 2024-25ء میں بڑھ کر 48 کروڑ 90 لاکھ ڈالر ہو گئیں، جبکہ مالی سال 2025-26ء کے دوران برآمدات مزید اضافے کے ساتھ 56 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں۔برآمدی شعبے سے وابستہ حلقوں کے مطابق سی فوڈ کے معیار میں بہتری، ویلیو ایڈیشن اور عالمی منڈیوں میں پاکستانی سمندری خوراک کی طلب میں اضافے کے باعث برآمدات میں مزید اضافے کی توقع ہے۔ماہرین نے کہا کہ سی فوڈ کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، بہتر پراسیسنگ، معیاری نگرانی اور ویلیو ایڈڈ مصنوعات پر توجہ بڑھائی جائے تو پاکستان اس شعبے سے مزید قیمتی زرمبادلہ حاصل کرسکتا ہے، جبکہ برآمدات میں اضافے سے روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

☆ بقیہ صباء 38 ☆

میرٹ پر روزگار مانگ رہا ہے مگر افسوس کہ اس کی آواز اقتدار کی ایوانوں میں سنائی نہیں دے رہی ملک کے نوجوان اور سیاستدان بیرون ملک جا رہے ہیں، ہر سال سینکڑوں نوجوان خطرناک راستوں سے یورپ پہنچنے کی کوشش میں جانیں گنوا دیتے ہیں اور ان کے والدین کو اپنے بچوں کی لاشیں دیکھنا پڑتی ہیں۔انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان آگ میں جل رہا ہے، خیبرپختونخوا کے حالات بھی تشویشناک ہیں جبکہ پنجاب میں نئے صوبے بنانے کی تیاریاں اور 25 صوبوں کی افواہیں افسوسناک صورت اختیار کر چکی ہیں۔ اصل ایشو یہ نہیں کہ کتنے صوبے بنائے جائیں، اصل مسئلہ یہ ہے کہ ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی قائم ہو، غریب کو انصاف ملے، مزدور کو اس کی محنت کا پورا معاوضہ ملے اور ڈگریاں ہاتھوں میں اٹھائے دربدر پھرنے والے نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار دیا جائے۔چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا کہ 1973ء کے آئین پر عمل نہ کیا گیا تو اسلامی جمہوریہ پاکستان کا آئین انہیں معاف نہیں کرے گا۔ آج ہر شخص آگے بڑھنے کی دوڑ میں شامل ہے، سیکرٹری گورنر بننے کے خواب دیکھ رہا ہے لیکن مزدور اور کسان کے حالات دن بدن بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔اگر عام آدمی کی ضرورت کے مطابق مسائل حل نہ کیے گئے، عدالتوں سے انصاف نہ ملا اور نوجوانوں کو روزگار نہ دیا گیا تو حالات مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے تعلیمی ادارے، ٹریننگ سینٹرز اور یونیورسٹیاں قابل رحم حالت میں ہیں۔دنیا کی بڑی جامعات میں پاکستان کا نام نمایاں نہیں، جبکہ جو اچھے کالج اور یونیورسٹیاں موجود ہیں ان کی فیس عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہے۔حالات سے تنگ نوجوان روزگار کے لئے دربدر ہیں یا ملک چھوڑنے کا راستہ اختیار کر رہے ہیں۔ خطرناک سمندری اور زمینی راستوں سے بیرون ملک جانے کی کوشش میں نوجوان مر رہے ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ ان کی طرف توجہ کون دے گا؟ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک کی معاشی صورتحال کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ برادر ملک بنگلہ دیش کا ٹکا اور افغانستان کی کرنسی بھی پاکستانی روپے کے مقابلے میں بہتر پوزیشن میں ہے۔ہمیں سوچنا ہوگا کہ ہم آخر کس سمت جا رہے ہیں۔ملک کے ساتھ مذاق بند کیا جائے

☆ بقیہ صباء 39 ☆

کی تجزیہ کار گریس لم کے مطابق پاکستان کی معیشت میں اس بار جھٹکوں کو جذب کرنے کی صلاحیت بہتر ہوئی ہے، جس کی وجہ گزشتہ 2 برس کے دوران حاصل ہونے والی زیادہ مضبوط معاشی استحکام اور لچک ہے۔گریس لم نے کہا کہ کم افراط زر، مستحکم شرح تبادلہ اور زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں بہتری نے پاکستان کو حالیہ علاقائی اور عالمی جھٹکوں سے نمٹنے کے لیے مضبوط حفاظتی گنجائش فراہم کی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب دنیا غیر مستحکم ہو تو معاشی استحکام سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

☆ بقیہ صباء 40 ☆

سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آبادی 2023 کی مردم شماری میں تقریباً 24 کروڑ تھی جو اب ساڑھے 26 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، ملک میں ہر سال تقریباً 61 لاکھ بچے پیدا ہو رہے ہیں یعنی ہماری آبادی میں ہر سال تقریباً نیوزی لینڈ کی آبادی کے برابر اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ہر پانچ سال میں تقریباً آسٹریلیا کی آبادی کے برابر اضافہ ہو جاتا ہے۔سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان اس وقت دنیا کے تیزی سے بڑھنے والی آبادی والے ممالک میں شامل ہے 2030 تک آبادی کے لحاظ سے دنیا کا چوتھا بڑا ملک بن جائے گا، ایسی صورتحال میں اگر آبادی کا ایک بڑا حصہ مسلسل بیمار رہے تو سوال یہ ہے کہ کتنے ہسپتال بنائے جائیں گے، کتنے ڈاکٹرز اور پیرامیڈکس بھرتی کئے جائیں گے اور کتنی مشینیں خریدی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سک کیئر سے نکل کر حقیقی ہیلتھ کیئر کی طرف جانا ہوگا اور صحت عامہ صرف وزارت صحت کی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ صحت کی دیکھ بھال بچے کی پیدائش سے پہلے ہی شروع ہو جاتی ہے اور بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ اس کا اہم حصہ ہے۔انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ہر سال تقریباً 11 ہزار خواتین حمل اور زچگی کے دوران جان سے ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں جبکہ ہر سال ایک سے پانچ سال کی عمر کے تقریباً چار لاکھ بچے موت کا شکار ہو جاتے ہیں جو روزانہ تقریباً 1300 بچوں کے برابر ہے۔انہوں نے کہا کہ کمزور ماں کے ہاں پیدا ہونے والے بچے بھی صحت کے مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں اور ان میں سے زندہ بچ جانے والے بچوں میں نشوونما کی کمی یا سٹنٹنگ کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔

☆ بقیہ صباء 41 ☆

عدلیہ نے بھی ہمیں ہمیشہ مایوس کیا ہے 26 ویں ترمیم سے پہلے کی عدلیہ انتخابات نہ کروا سکی اور آج کی عدلیہ ایک ملاقات تک نہیں کروا سکی۔" ہمیں دیوار کے ساتھ لگا کر پارٹی کو دیوار میں چن دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کے احتجاج سے قبل کارکنوں کی پکڑ دھکڑ شروع ہے، کیا عوام کے پاس پرامن احتجاج کے لیے سڑکوں پر آنے کا اختیار نہیں؟ ہم نے واضح کیا ہے کہ کسی کے ہاتھ میں لاٹھی یا غلیل نہیں ہوگی۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اگر عدلیہ انصاف نہ دے اور پارلیمنٹ بات نہ سنے تو انصاف کے لیے کہاں جائیں؟" ہم سڑکوں پر ہی جائیں گے۔27 ستمبر کے احتجاج کی کال اٹل ہے، اس پر نظر ثانی نہیں کر سکتے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی تناؤ اور پولرائزیشن سے عوام اکتا چکی ہے، حالات بہتر کرنے کے لیے سب کو ایک ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا۔بیرسٹر گوہر کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کرنے اور ملاقاتوں سے متعلق عدالت کے واضح احکامات موجود ہیں۔ سندھ کی عوام نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا شاندار استقبال کیا، تاہم سندھ حکومت کی جانب سے راستے بند کرنا مناسب نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے" سٹریٹ موومنٹ کی ذمہ داری وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو سونپی ہے۔صوبوں کے قیام کے حوالے سے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ ایک سنجیدہ اور عوامی مسئلہ ہے، اس پر جلد بازی سے نقصان ہوگا۔ آبادی کے تناسب سے صوبے بھی نہیں بنے، اگر آبادی ہی معیار ہے تو اتر پردیش، جس کی آبادی تقریباً 25 کروڑ ہے، وہاں بھی تین تین کروڑ آبادی پر صوبے بنانے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ پارلیمنٹ پہلے ہی متنازع آئینی ترامیم کر چکی ہے، مزید ترمیم سے وفاق کمزور ہوگا۔دہشتگردی کے معاملے پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ دہشتگردی کی صورت نہیں ہونی چاہیے اور نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہونا چاہیے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی خیبر پختونخوا اور دہشتگردی سے متعلق بیان پر انہوں نے کہا کہ ایک صوبے کے خلاف ایسا بیان مزید تناؤ پیدا کرتا ہے۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ افواج پاکستان میں کسی افسر کی تعیناتی ان کا اندرونی معاملہ ہے، اسی طرح نیکلا میں تعیناتی بھی متعلقہ ادارے کا اندرونی معاملہ ہے۔چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ نئے چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کے لیے وزیراعظم کو اپوزیشن لیڈر سے بات کرنے میں پہل کرنی چاہیے، جبکہ چیف الیکشن کمشنر کی مدت ملازمت جنوری 2025 میں ختم ہو چکی ہے۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بات چیت کا مینڈیٹ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کے پاس ہے۔

☆ بقیہ صباء 42 ☆

مفت علاج کی سہولت سے استفادہ کر سکیں ان کا کہنا تھا کہ زچہ و بچہ کی صحت، ویکسینیشن مہم اور ایمرجنسی سروسز میں بہتری کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں بخت محمد کاکڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت میں اصلاحات لاکر کرپشن اور بدعنوانی کے تمام راستے بند کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد کی بحالی ہی اصل کامیابی ہے اور اس مقصد کے لیے عملی اقدامات جلد عوام کے سامنے ہوں گے۔

☆ بقیہ صباء 43 ☆

انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ملکر صوبے کی تعمیر و ترقی امن امان کی بحالی اور ملک و دشمن عناصر کے خلاف اپنا کردار ادا کریں گے موجودہ حکومت نے ترقی کے حوالے سے جو بڑے اسکیمات مختص کیے گئے ہیں ان کی تکمیل ہونے سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا ہمارے ہاں سب سے زیادہ اہم مسئلہ بے روزگاری ہے روزگار دینے کیلئے حکومت سنجیدگی کے ساتھ ایک ایسی پالیسی بنائیں گے جو عوام اور خاص کر نوجوانوں کو روزگار میسر ہو سکے۔

☆ بقیہ صباء 44 ☆

اہم سمندری علاقوں کے تحفظ، شارک سے متعلق تحقیق ومعلومات کا نظام بہتر بنانے اور ماہی گیری کے قوانین پر عملدرآمد مؤثر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔شارک کے پنکھ قدرتی طور پر جسم کے ساتھ رکھنے کی شرط اور مختلف اقسام کیلئے الگ حفاظتی اقدامات بھی کیے جائیں گے۔اس کے علاوہ شارک کے محفوظ علاقے قائم کرنے، مینگروو بحال کرنے اور حادثاتی طور پر پکڑی جانے والی شارک کے تحفظ کیلئے اقدامات کیے جائیں گے۔ ماہی گیر برادریوں کیلئے متبادل روزگار کے مواقع اور عالمی اداروں کے ساتھ تعاون بھی منصوبے کا حصہ ہوگا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ منصوبہ پاکستان کے سمندری ماحول، ادارہ جاتی صلاحیت اور ساحلی آبادیوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے اور اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت کی شارک کے تحفظ سے متعلق عالمی ہدایات سے ہم آہنگ ہے۔انہوں نے بتایا کہ منصوبے میں پاکستانی سمندری حدود میں پائی جانے والی شارک، کرن، اسکیٹ اور شیمرائز سمیت نرم اور لچکدار ڈھانچے والی تمام مچھلیوں کو شامل کیا گیا ہے، تاہم ان شارک اقسام پر خصوصی توجہ دی جائے گی جن کا باقاعدہ شکار کیا جاتا ہے یا جو ماہی گیری کے دوران زیادہ تعداد میں حادثاتی طور پر پکڑی جاتی ہیں۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ منصوبے سے حاصل ہونے والا بہتر ڈیٹا، نگرانی کا نظام اور قوانین پر عملدرآمد نہ صرف شارک بلکہ دیگر سمندری انواع کے تحفظ میں بھی مددگار ہوگا۔انہوں نے کہا کہ شارک کے تحفظ کیلئے قومی منصوبے کی تیاری پاکستان کی بین الاقوامی ذمہ داری بھی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سمندری وسائل کا ذمہ دارانہ استعمال حکومت کی اولین ترجیح ہے، جبکہ کم تعداد میں رہ جانے والی یا شکار کیلئے ممنوع شارک اقسام کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔شارک کا تحفظ پاکستان کی قومی ذمہ داری کے ساتھ عالمی ماحولیاتی معاہدوں کے تحت بین الاقوامی ذمہ داری بھی ہے۔